উর্দূ কী দোছরী কিতাব

(আঞ্জুমানে হেমায়েতে ইসলাম, লাহোর)

[উর্দূ-বাংলা]

ভাষান্তরে
মাওলানা হাফিজুর রহমান যশোরী
ফাযেলে দারুল উলূম দেওবন্দ

আল-আকসা লাইব্রেরী
৫০ বাংলাবাজার (১ম তলা) ঢাকা-১১০০

প্রকাশক
নাজমুস সা'আদাত শিবলী
আল-আকসা লাইব্রেরী
৫০ বাংলাবাজার, ঢাকা-১১০০

প্রকাশকাল
রমাযান ১৪২৫
নভেম্বর ২০০৪

মূল্য ঃ ৩৬·০০ টাকা মাত্র

কম্পোজ
সুমাইয়া কম্পিউটার
বাংলাবাজার ঢাকা-১১০০

মুদ্রণ
যাকিয়া প্রিন্টার্স
বাংলাবাজার ঢাকা-১১০০

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی

رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

حمد

اللہ تعالیٰ کی مہربانی دیکھو، اس نے ہم کو پیدا کیا۔ ہمارے واسطے لاکھوں چیزیں بنائیں۔ جن سے ہمیں بڑا آرام ملتا ہے۔ ہماری طرح طرح کے کام نکلتے ہیں۔ کوئی کھانے کے کام آتی ہے، کوئی پینے کے، کوئی پہننے اوڑھنے کے، کوئی مکان بنانے کے، بعض اور کاموں کے لئے ہیں۔ جانور جن میں ہماری طرح جان ہوتی ہے انھیں بھی اس نے پیدا کیا ہے۔ وہ ہمارے بہت کام آتے ہیں، کوئی سواری کا کام دیتا ہے۔ کوئی بوجھ اٹھاتا ہے، کسی کا گوشت کھاتے ہیں کسی کا دودھ

শব্দার্থ : حمد প্রশংসা, গুণ-গান, مہربانی দয়া,অনুগ্রহ, پیدا সৃষ্টি, واسطے জন্যে ہمیں আমাদেরকে, طرح طرح کے বিভিন্ন রকমের, پہننے کے পরিধান করার, مکان ঘর, جانور জীব,পশু,প্রাণী, انہیں بھی তাদেরকেও, سواری আরোহণ, بوجه বোঝা, انہاتا ہے বহন করে।

অনুবাদ॥ মহান আল্লাহর দয়া দেখ। তিনি আমাদেরকে সৃষ্টি করেছেন। আমাদের জন্যে লাখো জিনিষ সৃষ্টি করেছেন। যার দ্বারা আমাদের খুবই শান্তি লাভ হয়। আমাদের বিভিন্ন রকমের কাজ হাসিল হয়। কোনটি খাওয়ার কাজে আসে। কোনটি পান করার, কোনটি পরিধানের, কোনটি গায়ে দেয়ার, কোনটি ঘর নির্মাণের, কোনটি আরো অন্যান্য কাজে আসে। প্রাণী যাদের মধ্যে আমাদের ন্যায় প্রাণ রয়েছে তাদেরকেও তিনি সৃজন করেছেন।

প্রাণী আমাদের অনেক কাজ আসে। কোনটি আরোহণের কাজ দেয়, কোনটি বোঝা বহন করে, কোনটির গোশত খাই, কোনটির দুধ পান করি।

پیتے ہیں، غرض جب تک جیتے ہیں اپنی ساری ضرورتیں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی
چیزوں سے پوری کرتے ہیں، اگر یہ چیزیں نہ ہوں تو بہت تکلیفیں اُٹھانی پڑیں
اور زندگی دوبھر ہو جائے۔

جب ہم کو اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے اتنی نعمتیں بخشی ہیں، ہمارے لئے ایسی
ایسی کام کی چیزیں پیدا کی ہیں اور ہمیں ساری مخلوق سے افضل بنایا ہے۔ تو ہمارے
لئے بھی ضروری ہے کہ ہر وقت اُسے یاد رکھیں جو کام کریں ایسا کریں جس سے وہ
خوش ہو۔ اور اس بات کا ہر وقت خیال رکھیں کہ ہم سے ایسا کوئی کام نہ ہو جو
اُسے پسند نہ آئے اور وہ ہم سے خفا ہو جائے۔

শব্দার্থ : غرض মোট কথা, جیتے ہیں বেঁচে থাকি, ضرورتیں প্রয়োজনাদি, دی ہوئی প্রদত্ব, দেওয়া, زندگی জীবন, دوبھر বিরক্তিকর, দুর্বিসহ, بخشی দান করেছেন, مخلوق সৃষ্টি জীব, সৃজিত, خوش সন্তুষ্ট, خفا অসন্তুষ্ট, ترکیب পদ্ধতি।

অনুবাদ॥ মোটকথা যতক্ষণ পর্যন্ত আমরা বেঁচে থাকি নিজেদের সকল প্রয়োজনাদি আল্লাহ তাআ'লার প্রদত্ত ঐ সকল বস্তু দ্বারাই পূর্ণ করি। যদি এ সকল বস্তু না হতো তাহলে আমাদের খুবই কষ্ট ভোগ করতে হতো এবং জীবন দুর্বিসহ হয়ে যেতো। যখন আল্লাহ তাআলা আমাদেরকে নিজ দয়ায় এতো নেয়ামত দান করেছেন, আমাদের জন্যে এমন এমন কাজের জিনিষ সৃষ্টি করেছেন, এবং আমাদেরকে সকল সৃষ্টি থেকে উত্তম বানিয়েছেন, অতএব আমাদের জন্যেও জরুরী যে, আমরা সর্বদা তাকে স্মরণ রাখবো।

যে কাজ করবো এমনভাবে করবো যাতে তিনি সন্তুষ্ট হন। আর এ বিষয়টি সব সময় লক্ষ রাখবো যে, আমাদের থেকে যেন এমন কোন কাজ না হয় যা তার অপসন্দনীয় এবং তিনি আমাদের উপর নারাজ হয়ে যান।

یہ بات سُن کر تم دل میں سوچتے ہو گے کہ ہم کیونکر معلوم کریں کہ ہمارا کونسا کام خدا تعالیٰ کو پسند ہے اور کس کام سے وہ راضی ہیں؟ آؤ ہم تمہیں اس بات کے معلوم کرنے کی ایک آسان سی ترکیب بتائیں۔ ذرا غور سے سنو اور خوب یاد رکھو۔

ہمارے رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خدائے تعالیٰ کے بہت پیارے بندے ہیں، وہ جو کام کرتے تھے، اللہ تعالیٰ کی مرضی سے کرتے تھے۔ اسی واسطے اُن کا ہرایک کام اللہ تعالیٰ کو پسند تھا اگر ہم چاہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہو۔ ہمارا کام اسے پسند آئیں تو ہمیں چاہیئے کہ ان کی پیروی کریں، ان کے حکموں کو مانیں اُن کی ہدایتوں پر چلیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں جس کا نام قرآن مجید ہے اور جسے ہم روزہ پڑھا کرتے ہیں، اپنے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتا ہے، اس

শব্দার্থ : مرضی ইচ্ছা, সন্তুষ্টি, پیروی অনুসরণ, অনুকরণ, ھدایتیں প্রদর্শিত পথ, کیونکہ কেননা, روز প্রতি দিন, سمجھا دیے বুঝিয়ে দিন।

অনুবাদ॥ এ কথা শুনে হয়ত তোমরা মনে মনে চিন্তা করছো যে, আমরা কিভাবে জানবো যে, আমাদের কোন্ কাজ আল্লাহ তাআ'লার পসন্দ এবং কোন্ কাজে তিনি আমাদের প্রতিসন্তুষ্ট নন? এসো আমরা তোমাদেরকে সে কথা জানার একটি সহজ উপায় বলে দিচ্ছি। একটু মনোযোগের সাথে শুন এবং খুব স্মরণ রাখো। আমাদের রাসূলে করীম সাল্লাল্লাহু আলায়হি ওয়াসাল্লাম আল্লাহ তা'আলার খুবই প্রিয় বান্দা ছিলেন। তিনি যে কাজ করতেন আল্লাহ তা'আলার মর্জি মাফিক করতেন। এ জন্যেই তাঁর প্রতিটি কাজ আল্লাহ তা'আলার পসন্দনীয় ছিল। আমরা যদি চাই যে, আল্লাহ তা'আলা আমদের ওপর সন্তুষ্ট হোন, আমাদের কাজ তাঁর পসন্দ হোক তাহলে আমাদের উচিৎ যে, আমরা তাঁর অনুসরণ করি। তাঁর আদেশসমূহ মান্য করি, এবং তাঁর প্রদর্শিত পথে চলি। কেননা আল্লাহ তা'আলা নিজ গ্রন্থে যার নাম কুরআন মজীদ এবং যাকে আমরা প্রতি দিন পড়ি (তার মধ্যে) তিনি তাঁর রাসূল সাল্লাল্লাহু আলায়হি ওয়াসাল্লামকে বলেছেন-"এ দুনিয়ার মানুষদেরকে জানিয়ে দিন যে, তারা যদি চায় যে, আমি তাদের প্রতি সন্তুষ্ট থাকি তাহলে তারা যেন তোমার অনুসরন করে। তাহলেই আমি তাদের প্রতি সন্তুষ্ট থাকব এবং তাদের গোণাহসমূহ ক্ষমা করে দিব।

دُنیا کے لوگوں کو سمجھا دے کہ اگر وہ چاہتے ہیں کہ میں ان سے راضی رہوں تو وہ تیری پیروی کریں میں اُن سے راضی ہوں گا اور ان کے گناہوں کو بخش دوں گا۔

لڑکو! حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم رات دن جو کام کیا کرتے تھے اور جس طرح لوگوں کے ساتھ پیش آتے تھے، اُس کا پُورا پورا بیان تو اس چھوٹی سی کتاب میں نہیں آسکتا اور ابھی تم سمجھ بھی نہیں سکتے، جب بڑی بڑی کتابیں پڑھنے لگو گے تو اُن میں پڑھ لوگے ہم یہاں حضرتؐ کے کچھ تھوڑے سے اخلاق بیان کرتے ہیں اگر تم انہیں کو غور سے پڑھو اور حضرتؐ کی پیروی کرو تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ تم سے راضی ہوگا۔

শব্দার্থ : لڑکو! বৎস গণ! پیش آتے ব্যবহার করতেন, بیان বর্ণনা, چھوٹی سی ক্ষুদ্র বা ছোট ধরণের. سکتا / آ আসতে পারে. ابھی / এখন. یہاں এখানে. تھوڑے সামান্য, اخلاق / চরিত্র, امید / আশা।।

অনুবাদ ॥ বৎসগণ! হযরত রাসূলে খোদা সাল্লাল্লাহু আলায়হি ওয়াসাল্লাম রাতদিন যে সব কাজ করতেন এবং মানুষের সাথে ব্যবহার করতেন তার পরিপূর্ণ বর্ণনা এ ক্ষুদ্র কিতাবে আনা সম্ভব নয়, আর এখন তা তোমরা বুঝতেও পারবে না। যখন বড় বড় কিতাবাদি পড়তে শুরু করবে তখন সে সবের মধ্যে পড়ে নিবে। আমরা এখানে মহানবী (সা) এর সামান্য কিছু চরিত্রের বর্ণনা করছি। যদি তোমরা এগুলো মনোযোগের সাথে পড় এবং তাঁর অনুসরণ কর তাহলে আশা করা যায় যে, আল্লাহ তোমাদের ওপর সন্তুষ্ট হবেন।

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق

(۱) آپؐ اپنے مہمانوں کی بہت خاطر تواضع کرتے تھے خواہ وہ کسی مذہب کے ہوں اور کیسے ہی برے کیوں نہ ہوں۔

روایت :۔ ایک دفعہ کچھ آدمی آپؐ کے پاس آئے آپؐ نے اُن کی مہمان داری کے لئے یہ بندوبست کیا کہ آپؐ نے اپنے اصحابؓ سے کہہ دیا کہ ایک ایک آدمی لے لو اور ان کی اچھی طرح خدمت کرو۔ ان مہمانوں میں ایک آدمی ایسا بھی تھا جو شرارت میں مشہور تھا۔ اسے کسی نے منظور نہ کیا۔ آپؐ نے اس کو اپنے گھر مہمان رکھا۔ گھر میں سب آدمیوں کے لئے جتنا کھانا پکا تھا، وہ اس نیت سے اکیلا ہی کھا گیا کہ سب بھوکے رہیں۔ جب وہ پیٹ بھر کر کھا چکا تو آپؐ نے ایک الگ کوٹھری میں اسے سلایا اور بہت عمدہ بچھونا بچھا دیا۔ مگر اُسے بدہضمی ہوگئی اور رات بھر وہیں

শব্দার্থ : خاطر تواضع সেবা-যত্ন, خواہ চাই, مذهب ধর্ম, دفعہ বার, بندوبست ব্যবস্থা, اصحاب সাথী বা সাহাবীগণ, اچھی طرح উত্তমরূপে, خدمت সেবা, شرارت দুষ্টমী, منظور গ্রহণ, اکیلا একাকী।

মহানবী সাল্লাল্লাহু আলায়হি ওয়াসাল্লামের চরিত্র

১ঃ নবী করীম সা. নিজ মেহমানকে খুবই আদর আপ্যায়ন করতেন চাই সে যে ধর্মেরই হোক না কেন, এবং যতই খারাপ হোক না কেন।

বর্ণনাঃ একবার কিছু লোক নবী করীম সা. এর নিকট এলো। তিনি তাদের আপ্যায়নের এ ব্যবস্থা করলেন যে, তিনি তাঁর সাহাবীদেরকে বলে দিলেন- তোমরা এদের থেকে একেক জন করে নিয়ে যাও এবং তাদের ভালভাবে সেবা করো। এ মেহমানদের মধ্যে এক ব্যক্তি এমন ছিল যে দুষ্টমিতে প্রসিদ্ধ ছিল। কেউ তাকে গ্রহণ করলনা।

নবীজী (সা) তাকে নিজ বাড়ীতে মেহমান রাখলেন। ঘরে সবার জন্যে যে খাবার রান্না করা হয়েছিল, সে এ নিয়্যতে একাই সব খেয়ে নিল যে, বাড়ীর সবাই যেন ক্ষুধার্ত থাকে। যখন সে পেট ভরে খেয়ে নিল তখন তিনি তাঁকে একটি পৃথক কামরায় শোয়ায়ে দিলেন এবং বেশ উত্তম বিছানা বিছিয়ে দিলেন। কিন্তু লোকটির বদহজম হয়ে গেল।

کوٹھری میں رفع حاجت کرتا رہا بلکہ بچھونا بھی خراب کردیا۔ صبح سویرے ہی اٹھ کر کہیں چلا گیا۔ جب آپؐ اس کی خبر لینے گئے اور اُسے نہ پایا تو افسوس کیا۔ پھر کپڑوں کو تعالیٰ تم سے راضی ہوگا۔

اتنے میں اور اصحاب بھی آ گئے۔ وہ یہ حال سُن کر بہت برافروختہ ہوئے۔ مگر آپؐ نے اُن کا غصّہ ٹھنڈا کیا۔ اتفاقاً وہ آدمی اپنی بیش قیمت تلوار کوٹھری ہی میں بھول گیا تھا۔ راہ میں یاد آئی، اس کے لینے کو واپس آیا تو کیا دیکھتا ہے کہ اس کے ناپاک کئے ہوئے کپڑے آپؐ اپنے دست مبارک سے دھو رہے ہیں اور لوگوں کو خفا ہونے سے منع کر رہے ہیں۔ جب آپؐ نے اسے دیکھا تو کچھ ملال نہ کیا بلکہ بڑی خوشی سے اس کا حال پوچھا اور تلوار نکال کر اسے دے دی۔ یہ دیکھ کر وہ اسی وقت مسلمان ہوگیا۔

শব্দার্থ : کوٹھری কামরা, سلایا শোয়ালেন, عمدہ উত্তম, رفع حاجت প্রয়োজন সারা, পায়খানা করা অর্থে, سویرے ভোরে, افسوس/ অনুতাপ, আফসোস, برافروختہ রাগান্বিত, উত্তেজিত, مگر কিন্তু, اتفاقا/ ঘটনাক্রমে, بیش قیمت মূল্যবান, دست হাত, خفا রাগ, অসন্তুষ্ট, ملال বিরক্তি, মুখ মলিন, نکال کر বের করে।

অনুবাদ॥ এবং সারা রাত ঐ কামরার মধ্যেই প্রয়োজন (পায়খানা) সারতে লাগল। বরং বিছানাও খারাপ করে দিল। সকাল সকাল উঠে কোথায় চলে গেল। আল্লাহর নবী যখন তার সংবাদ নিতে গেলেন এবং তাকে পেলেন না তখন আফসোস বরলেন। এর পর কাপড়গুলো নিজ হাতে ধুতে বসলেন। ইতিমধ্যে অন্যান্য সাহাবীগণ চলে এলেন। তাঁরা এ অবস্থা দেখে খুবই উত্তেজিত হলেন। কিন্তু তিনি তাদের রাগ ঠান্ডা করলেন। ঘটনাক্রমে লোকটি তার মূল্যবান তরবারিটি ভূলক্রমে ঘরের মধ্যে রেখে গিয়েছিল। রাস্তার মধ্যে তার স্মরণ আসল। সে তা নেয়ার জন্যে ফিরে এলো। তখন সে দেখতে পেল যে, তার নাপাক কাপড়গুলো আল্লাহর নবী নিজ হাত মোবারকে ধুচ্ছেন এবং মানুষদেরকে রাগান্বিত হতে নিষেধ করছেন। যখন তিনি লোকটিকে দেখলেন তখন মোটেই মুখ মলিন করলেন না। বরং বড়ই খুশীর সাথে তার অবস্থা জিজ্ঞেস করলেন এবং তার তরবারি বের করে দিলেন। এ দেখে লোকটি তখনই মুসলমান হয়ে গেল।

(۲) آپؐ پر کوئی زیادتی کرتا یا سختی سے پیش آتا تو آپؐ اُس کی زیادتی سہتے اور اس کے ساتھ نرمی سے پیش آتے تھے۔

روایت:- ایک یہودی کا آپؐ پر کچھ قرضہ تھا اس سے روپے دینے کا جو وعدہ تھا وہ ابھی پورا نہیں ہوا تھا کہ اس نے آپؐ کی خدمت میں آکر سخت تقاضا کیا۔ وہ جوں جوں سختی کرتا آپ نرمی سے جواب دیتے۔ آخر کار وہ کہنے لگا کہ تمہارے خاندان میں ایسی ہی نادہندگی چلی آتی ہے۔

یہ بات سُن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو غصّہ آیا، انہوں نے اسے دھمکایا اور کہا کہ اگر تو اس پاک مجلس میں نہ ہوتا اور ایسی بے ادبی کی باتیں کرتا تو میں تیری گردن مار دیتا۔ آپؐ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی یہ بات سُن کر اُن سے فرمایا کہ تمہیں چاہئے تھا کہ مجھ سے قرض ادا کرنے کے لئے کہتے اور اس کو سمجھاتے کہ نرمی

শব্দার্থ : زیادتی অত্যাচার, বাড়াবাড়ি, سہتے সহ্য করতেন, نرمی নম্রতা, কোমলতা, قرض দেনা,ঋণ।

অনুবাদ॥ ২ঃ নবীজী (সা) এর ওপর কেউ জুলুম- অত্যাচার করলে বা কঠোর ব্যবহার করলে তিনি তার অত্যাচার সহ্য করতেন এবং তার সাথে নম্র ব্যবহার করতেন।

বর্ণনাঃ এক ইয়াহুদীর নবী করীম (সা) এর ওপর কিছু ঋণ ছিল। তার সাথে টাকা দেয়ার যে ওয়াদা ছিল তা এখনো পূর্ণ হয়নি। এর আগেই সে এসে জোরাল তাগাদা করল। সে যতই কঠোরতা করতে লাগল, তিনি নম্রভাবে তার উত্তর দিতে থাকেন। শেষ পর্যায়ে সে বলতে লাগল তোমাদের বংশের মধ্যে এ ধরনের না দেয়ার স্বভাব চলে আসছে। এ কথা শুনে হযরত উমর (রা) এর রাগ এসে গেল। তিনি তাকে ধমক দিলেন এবং বললেন তুমি যদি এ পবিত্র মজলিসে না হতে, আর এরূপ বে আদবী করতে তাহলে তোমার গরদান উড়িয়ে দিতাম। নবী করীম (সা) হযরত উমর (রা) এর এ কথা শুনে তাকে বললেন- তোমার উচিৎ ছিল যে, তুমি আমাকে ঋণ পরিশোধের জন্যে বলতে।

سے تقاضا کر، جھڑکنا اور غصہ ہونا نہیں چاہیے تھا۔ جاؤ اب اس کا قرض ادا کردو
جھگڑنے اور جھڑکنے کے عوض اسے کچھ زیادہ دے دو۔ جب یہودی نے آپؐ کی یہ
نرم دلی دیکھی تو وہ اسی وقت مسلمان ہوگیا اور کہنے لگا کہ میں نے اپنے مذہب کی
کتابوں میں آخری زمانے کے پیغمبرؐ کی ایک یہ نشانی بھی پڑھی ہے کہ جوں جوں کوئی
ان سے سختی کرے گا، وہ نرمی کریں گے۔ مجھے اس بات کو آزمانا تھا، سو میں
نے ویسا ہی پایا آپؐ بے شک آخری زمانے کے پیغمبر ہیں۔

(۳) کوئی شخص قصور بھی کرتا تو آپؐ معاف کر دیتے اور کوئی ایسی بات نہ
کہتے جو اسے بری معلوم ہو۔

روایت :- ایک گنوار مسجد میں آیا اور وہیں پیشاب کرنے لگا آپؐ کے
اصحابؓ بہت غصے ہوئے اور چاہا کہ اسے مار کر مسجد سے نکال دیں۔ آپؐ نے

শব্দার্থ : تقاضا তাগাদা, جھڑکنا ধমক দেয়া, عوض বদলা, পরিবর্তে, نشانی চিহ্ন, নিদর্শন, جوں جوں যতই, آزمانا পরীক্ষা করা, سو সুতরাং, ویسا তেমন, بیشك নিসন্দেহে, قصور অন্যায়. بری খারাপ, معلوم অনুভব, মনে হয়, گنوار গ্রাম্য, বেদুঈন।

অনুবাদ ॥ আর তাকে বুঝাতে যে, নম্রভাবে তাগাদা কর। ধমক দেয়া এবং রাগ হওয়া উচিৎ হয়নি। যাও এখন তার ঋণ পরিশোধ করে দাও।

ইয়াহুদী নবীজীর এ নম্রতা দেখে তখনই মুসলমান হয়ে গেল এবং বলতে লাগল- আমি আমাদের ধর্মীয় কিতাবে আখেরী যামানার নবীর এ নিদর্শণও পড়েছি যে, তাঁর সাথে কেউ যতই কঠোরতা করবে তিনি ততই নম্রতা অবলম্বন করবেন। আমার এ বিষয়টি পরীক্ষা করার ছিল। সুতরাং আমি তেমনই পেলাম। নিসন্দেহে আপনি আখেরী যামানার নবী।

৩. কোন ব্যক্তি অন্যায় করলে আল্লাহর নবী (স) তাকে ক্ষমা করে দিতেন এবং এমন কোন কথা বলতেন না যা তার নিকট খারাপ অনুভব হয়।

বর্ণনা ঃ এক গ্রাম্য ব্যক্তি মসজিদে এসে সেখানেই পেশাব করতে লাগল। হুজুর (স)-এর সাহাবীগণ এতে ভীষণ রাগান্বিত হলেন এবং তাকে মেরে মসজিদ থেকে বের করে দিতে চাইলেন।

فرمایاکہ اس پر زیادتی نہ کرو، اس کا پیشاب نہ روکو جب وہ پیشاب کر چکا تو آپؐ نے
اس سے کہا کہ یہ مسجدیں اس واسطے نہیں ہیں کہ کوئی ان میں کوڑا کرکٹ ڈالے یا
پیشاب اور پاخانہ کرے۔ یہ تو صرف ایک خدا تعالیٰ کی عبادت کے واسطے ہیں۔
ان میں عبادت ہی کرنی چاہئے۔

(۴) آپؐ ایسے حلیم تھے کہ آپؐ کے دشمن بھی آپؐ پر زیادتی کرتے تھے تو آپؐ
اگرچہ ان کو نقصان پہنچا سکتے تھے مگر ان کے ساتھ برائی سے پیش نہ آتے تھے بلکہ ان
سے بھلائی ہی کرتے تھے اور ان کی دشمنی کی باتوں کو خیال میں نہ لاتے تھے۔

روایت :- ایک لڑائی میں آپؐ اپنے اصحابؓ سے کسی طرح جُدا ہو گئے
اور ایک درخت کے نیچے لیٹ رہے۔ اتنے میں آپؐ کے دشمنوں میں سے ایک
شخص آیا اور تلوار کھینچ کر کہنے لگا، اب آپ کو مجھ سے کون بچائے گا؟ آپؐ نے

শব্দার্থ : واسطے জন্যে, کوڑاکرکٹ ময়লা আবর্জনা, صرف কেবল, শুধু, حلیم সহনশীল, اگرچہ যদিও, نقصان ক্ষতি, برائی অন্যায়, দুর্ব্যবহার, بلکہ বরং, خیال লক্ষ, আমল অর্থে, جدا পৃথক, বিচ্ছিন্ন, درخت গাছ, বৃক্ষ, لیٹ শুয়ে, کھینچ کر টেনে, কোষমুক্ত করে।

অনুবাদ ॥ আল্লাহর নবী বললেন তার উপর অত্যাচার কর না। তার পেশাব বন্ধ কর না। যখন লোকটি পেশাব সারল তখন তিনি তাকে বললেন এ মসজিদ এ জন্য নয় যে, কোন ব্যক্তি এর মধ্যে ময়লা আবর্জন নিক্ষেপ করবে বা তার মধ্যে পেশাব পায়খানা করবে। এ ত কেবল এক আল্লাহ্ তা'আলার ইবাদতের জন্যে নির্দিষ্ট। এর মধ্যে ইবাদতই করা উচিত।

৪। নবীজী (সা) এমন সহনশীল ছিলেনে যে, তাঁর শত্রুও যদি তাঁর প্রতি অত্যাচার করত তাহলে তিনি যদিও তার ক্ষতি করতে পারতেন কিন্তু তিনি তার সাথে খারাপ ব্যবহার করতেন না। বরং তার সাথে ভাল ব্যবহারই করতেন। আর তার শত্রুতার কথা চিন্তাই আনতেন না।

বর্ণনাঃ কোন এক যুদ্ধে নবী করীম (সা) তাঁর সাহাবীদের থেকে কোনভাবে পৃথক হয়ে গেলেন। এবং একটি গাছের নীচে শুয়ে রইলেন। ইতিমধ্যে তাঁর শত্রুপক্ষের এক ব্যক্তি এলো এবং তরবারী বের করে বলতে লাগল- এখন আপনাকে আমার থেকে কে রক্ষা করবে?

فرمایا " اللہ تعالیٰ " یہ لفظ سنتے ہی تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی۔ آپؐ نے اٹھالی اور فرمایا کہ بتا! اب میرے ہاتھ سے تجھے کون بچائے گا؟ اس نے عرض کی کہ آپؐ غالب آنے والوں میں سب سے اچھے ہیں جو چاہیں کریں۔ آپؐ نے فرمایا کہہ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ۔ اس نے کہا یہ تو میں نہیں کہتا مگر میں نہ آپؐ سے لڑوں گا نہ آپؐ کا ساتھ دوں گا نہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گا جو آپ سے لڑتے ہیں۔ آپؐ نے اسے چھوڑ دیا۔ وہ اپنے ساتھیوں میں آیا اور کہنے لگا کہ میں ایسے آدمی کے پاس سے آیا ہوں جو سب آدمیوں سے اچھا ہے۔ اس کے بعد وہ پھر آپؐ کی خدمت میں آیا اور مسلمان ہو گیا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ جو آپؐ کے خادم تھے، روایت کرتے ہیں کہ یہودیوں کے مشورے سے ایک یہودی عورت نے بکری کا گوشت پکایا اور اس میں زہر

শব্দার্থ : لفظ শব্দ, عرض নিবেদন, আরজ, غالب বিজয়ী, ساتھ সঙ্গ, لڑتے ہیں যুদ্ধ করে, کہنے لگا বলতে লাগল, خادم সেবক, مشورے পরামর্শ, عورت মহিলা, زہر বিষ।

অনুবাদ ॥ তিনি বললেন- আল্লাহ তাআলা। এশব্দ শোনা মাত্রই তার হাত থেকে তরবারী পড়ে গেল। আল্লাহর নবী তরবারীটি উঠিয়ে নিলেনএবং বললেন- বল! এখন তোমাকে আমার হাত থেকে কে রক্ষা করবে? সে বলল- আপনি বিজয়ীদের মধ্যে সর্বাপেক্ষা উত্তম ব্যক্তি। অতএব যা ইচ্ছা তা করতে পারেন। তিনি বললেন- বল, আশহাদু আল্লা ইলাহা ইল্লাল্লাহ " আমি সাক্ষ্য দিচ্ছি যে, আল্লাহ ছাড়া কোন উপাস্য নেই।" লোকটি বলল- এ কথা তো আমি বলতে পারিনা,তবে আমি আর আপনার বিপক্ষে যুদ্ধ করব না। না আপনার সঙ্গ দেব, আর না তাদের সাথে থাকব যারা আপনার সাথে যুদ্ধ করে। নবীজী (সা) তাঁকে ছেড়ে দিলেন। সে তার সঙ্গীদের নিকট গিয়ে বলল- আমি এমন এক ব্যক্তি কাছ থেকে এসেছি যিনি সকল মানুষ থেকে শ্রেষ্ঠ। এরপর পুনরায় সে নবীজীর খেদমতে আসল এবং মুসলমান হয়ে গেল।

হযরত আনাস (রা) যিনি নবীজী (সা) এর খাদেম ছিলেন তিনি বর্ণনা করেন-ইয়াহুদীদের পরামর্শক্রমে এক ইয়াহুদী মহিলা ছাগলের গোশত রান্না করল এবং তাতে বিষ মিশিয়ে হুজুর (সা) এর খেদমতে পেশ করল।

ملا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔ جب آپؐ اپنے صحابہ کرام کے ہمراہ تناول فرمانا شروع کیا تو آپؐ کو بذریعۂ وحی اِطّلاع ملی کہ کھانے میں زہر ملایا گیا ہے۔ اُسے نہ کھائیے۔ آپؐ نے کھانا واپس کرکے اس عورت کو بلوا کر زہر کے متعلق دریافت فرمایا تو عورت نے جواب دیا کہ میں نے بغرضِ امتحان ایسا کیا کہ اگر آپؐ پیغمبر ہیں تو آپ کو زہر نقصان نہ دے سکے گا۔ اگر پیغمبر نہیں تو ہم آپ کے ہاتھ سے خلاصی پائیں گے۔ آپؐ کے اصحابؓ نے عرض کی کہ اجازت ہو تو اسے مار ڈالیں۔ آپؐ نے فرمایا، نہیں ؛

(۵) آپؐ اپنے دوستوں اور دشمنوں کے ساتھ بہت اخلاق سے پیش آتے تھے۔ عاجزوں پر رحم کرتے تھے۔ جو لوگ نیک اخلاق ہوتے اُن کی عزت کرتے تھے۔

শব্দার্থ : تناول খাওয়া, অংশ গ্রহণ, بذریعه মাধ্যম, اطلاع সংবাদ, অবগতি, واپس ফেরৎ, بلوا کر তলব করে, ডাকিয়ে, متعلق সম্পর্কে, دریافت জিজ্ঞাসা, غرض উদ্দেশ্য, امتحان পরীক্ষা. خلاصی মুক্তি, اجازت অনুমতি, عاجزوں দূর্বল-অসহায়।

অনুবাদ॥ যখন তিনি তাঁর সাহাবীদের সঙ্গে খেতে শুরু করলেন, তখন অহীর মাধ্যমে জানতে পারলেন যে, খাদ্যের মধ্যে বিষ মিশান হয়েছে। তা খাবেন না। তিনি খাদ্য ফেরৎ দিয়ে উক্ত মহিলাকে ডাকিয়ে বিষ সম্পর্কে জিগেস করলেন। তখন মহিলাটি উত্তর দিল যে, আমি পরীক্ষার উদ্দেশ্যে এমনটি করেছি। যদি আপনি নবী হয়ে থাকেন তাহলে বিষে আপনাকে কোন ক্ষতি করতে পারবে না। আর যদি আপনি নবী না হয়ে থাকেন তাহলে আমরা আপনার হাত থেকে নিষ্কৃতি পেয়ে যাব। নবীজীর সাহাবীগণ আরয করলেন- হযরত! যদি অনুমতি হয় তাহলে আমরা তাকে হত্যা করে ফেলব! তিনি বললেন- না।

৫। নবী করীম (সা) নিজ শত্রু ও মিত্রদের সাথে খুব উত্তম ব্যবহার করতেন। অনাথদের প্রতি দয়া করতেন। যারা সচ্চরিত্রবান হতো তাদেরকে সম্মান করতেন।

روایت :- حاتم طائی ایک مشہور سخی آدمی تھا اس کا نام تم نے بھی سنا ہوگا۔ جب اس کے قبیلے کے لوگ قید ہو کر حضرتؐ کی خدمت میں آئے تو ان میں حاتم طائی کی بیٹی بھی تھی۔ اس نے آپؐ کی خدمت میں عرض کی کہ آپؐ اگر مناسب سمجھیں تو ہمیں رہا کردیں اور عرب کے قبیلوں کو ہم پر نہ ہنسائیں۔ میں اپنی قوم کے سردار کی بیٹی ہوں۔ میرا باپ اپنی قوم کی حمایت کرتا تھا، بھوکوں کو کھانا کھلاتا تھا، ننگوں کو کپڑے پہناتا تھا۔ مسافروں کی خدمت کیا کرتا تھا جو حاجت مند شخص اس کے پاس آتا مقدور کے موافق اس کی حاجت پوری کرتا تھا، اس کا نام حاتم تھا۔ آپؐ نے فرمایا کہ یہ ایمانداروں کی صفتیں ہیں، تیرا باپ ایسا تھا اس لئے ہم نے تجھ پر رحم کیا، تیری قوم کو چھوڑا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اچھے اخلاق کو پسند کرتا ہے اور تیرا باپ بھی اچھے اخلاق کو پسند کرتا تھا۔ یہ سن کر آپؐ کے ایک صحابی اٹھ

শব্দার্থ : رحم দয়া, سخی দানশীল, قبیلے বংশ, গোত্র, قید বন্দি, بیٹی কন্যা, حمایت সাহায্য, بھوکوں ক্ষুধার্ত, অন্নহীন, ننگوں বস্ত্রহীন, حاجت مند অভাবী, مقدور ক্ষমতা, সাধ্য, موافق অনুযায়ী, حاجت অভাব, প্রয়োজন, صفتیں গুণাবলী, قوم গোত্র, کیونکہ কেননা, اچھے اخلاق উত্তম স্বভাব।

অনুবাদ॥ বর্ণনাঃ হাতেম তাঈ একজন প্রসিদ্ধ দানশীল ব্যক্তি ছিলেন। তার নাম তোমরাও শুনে থাকবে। যখন তার গোত্রের মানুষ বন্দি হয়ে নবীজীর দরবারে এলো তখন তাদের মধ্যে হাতেম তাঈ এর কন্যাও ছিল। সে নবীজীর দরবারে আরজ করল যে, যদি আপনি ভাল মনে করেন তাহলে আমাদেরকে আযাদ (মুক্ত) করে দিন। এবং আরবের লোকদেরকে আমাদের ওপর হাসাবেন না। আমি আমার গোত্রের সরদারের কন্যা। আমার পিতা নিজ কওমের সাহায্য-সহানুভূতি করতেন, ক্ষুধার্তদেরকে অন্নদান করতেন, বস্ত্রহীনদের বস্ত্র পরিধান করাতেন, মুসাফিরদেরকে সেবা করতেন, কোন অভাবী ব্যক্তি তার কাছে আসলে সাধ্যানুযায়ী তার অভাব পূরণ করতেন। তার নাম ছিল হাতেম।

নবী করীম (সা) বললেন- এগুলো তো ঈমানদারদের গুণাবলী। তোমার পিতা যেহেতু অমন ছিলেন এ কারণে আমরা তোমার প্রতি দয়া করলাম। তোমার কওমকে খালাস করে দিলাম। কেননা আল্লাহ তা'আলা উত্তম চরিত্রকে পসন্দ করেন। আর তোমার পিতাও উত্তম চরিত্রকে পসন্দ করতেন। একথা শুনে নবীজীর সাহাবীদের মধ্য হতে এক ব্যক্তি উঠে দাঁড়াল।

کھڑے ہوئے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ! کیا اللہ تعالیٰ نیک اخلاق کو دوست رکھتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا کہ اس پاک خدا کی قسم ہے جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ بہشت میں وہی داخل ہوگا جو نیک اخلاق ہوگا۔

(۶) آپؐ ہمیشہ نرمی سے کلام کرتے تھے اور کسی کو سخت سست نہ کہتے تھے۔

روایت:۔ یہودیوں نے ایک دفعہ آپؐ کو اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ کی جگہ کہا اَلسَّامُ عَلَیْكَ، جس کے معنی ہیں "تم پر موت آئے" ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جو آپؐ کی بیوی تھیں، غصے ہو کر کہا کہ تمہیں پر موت اور لعنت ہو، آپؐ نے اُن کو اس سخت کلامی سے منع کیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ایک نام "رفیق" ہے وہ رفق یعنی نرمی کو پسند کرتا ہے۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ فرمایا اے عائشہ! نرمی اختیار کر اور بدگوئی سے بچ۔

শব্দার্থ : نیک সৎ, قسم শপথ, قبضے কব্জায়, আয়ত্বে, داخل প্রবেশ, کلام কথা, سخت سست গাল-মন্দ, ام المؤمنین মুমিনদের জননী, صدیقه সত্যবাদিনী, بیوی স্ত্রী, غصے রাগ, لعنت অভিশাপ, سخت کلامی কঠোর কথা বলা, رفیق বন্ধু, نرمی নম্রতা, اختیار অবলম্বন, بدگوئی খারাপ কথা বলা।

অনুবাদ ॥ এবং আরজ করল- হে আল্লাহর রাসূল! আল্লাহ তাআলা কি সচ্চরিত্রকে ভালবাসেন? তিনি বললেন- ঐ পবিত্র আল্লাহর শপথ! যার আয়ত্বে আমার প্রাণ রয়েছে- বেহেশতে ঐ ব্যক্তিই প্রবেশ করবে যে সচ্চরিত্রবান হবে।

৬। নবীজী (সা) সর্বদা নম্রভাবে কথা-বার্তা বলতেন। কাউকে কঠোর ও অশালীন কথা বলতেন না।

বর্ণনাঃ ইয়াহুদীরা একবার আস্‌-সালামু আলাইকার জায়গায় আস্‌-সামু আলায়কা বলল। যার অর্থ হল- তোমার ওপর মউত আসুক।

মুমিন জননী হযরত আয়েশা সিদ্দীকা (রা) যিনি নবীজীর স্ত্রী ছিলেন- রাগ হয়ে বললেন- তোমাদের ওপর মউত এবং লা'নত বর্ষিত হোক। আল্লাহর রাসূল তাকে কঠোর কথা বলতে নিষেধ করলেন। এবং বললেন- আল্লাহ তাআলার এক নাম হল 'রফীক' (নম্রতাশীল)। তিনি নম্রতাকে পসন্দ করেন। এক বর্ণনায় আরও আছে যে, তিনি বললেন- হে আয়েশা! নম্রতা অবলম্বন কর এবং মন্দ কথা থেকে বিরত থাক।

(۷) آپؐ کی خدمت بہت آدمی کرنا چاہتے، مگر آپؐ اپنے کام اکثر اپنے ہاتھ سے کر لیا کرتے تھے اور کسی پر خفا نہ ہوتے تھے ؛

روایت :- آپؐ کے خادم حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے دس برس آپؐ کی خدمت کی۔ خدا کی قسم! میں جس قدر آپؐ کا کام کیا کرتا تھا آپؐ اس سے زیادہ میرا کام کیا کرتے تھے اور اس دس برس کے عرصے میں آپؐ نے مجھ کو نہ کبھی جھڑکا نہ کبھی یہ کہا کہ تو نے یہ کام کیوں نہیں کیا یا وہ کام کیوں بگاڑ دیا۔

(۸) کوئی شخص آپؐ کی خدمت میں آتا تو آپؐ اس کی تعظیم کرتے ؛

روایت :- ایک دفعہ آپؐ اپنے کسی حجرے میں تشریف رکھتے تھے آپؐ کے اتنے اصحابؓ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ حجرہ شریف بھر گیا اور بیٹھنے کی جگہ نہ رہی۔

শব্দার্থ : اکثر অধিকাংশ, برس বছর جس قدر যে পরিমান, زیادہ বেশী, عرصے কাল ,সময়, جھڑکا ধমক দিয়েছেন, بگاڑ নষ্ট, বিগড়ে, تعظیم সম্মান, شخص ব্যক্তি।

অনুবাদ॥ ৭। বহু মানুষ নবীজীর খেদমত করতে চাইত কিন্তু তিনি নিজের অধিকাংশ কাজ নিজ হাতেই করতেন এবং কারো ওপর অসন্তুষ্ট হতেন না।

বর্ণনাঃ নবীজী (সা) এর খাদেম হযরত আনাস (রা) বলেন- আমি দশ বছর রাসূল (সা) এর খেদমত করেছি। আল্লাহর শপথ! আমি যে পরিমান তাঁর কাজ করতাম তার চেয়ে বেশী তিনি আমার কাজ করতেন। আর এ দশ বছরের সময়ে তিনি কখনো আমাকে ধমক দেন নি। কখনো এ কথাও বলেন নি যে, তুমি এ কাজটি করলে না কেন? অথবা ও কাজটি নষ্ট করলে কেন?

৮। কোন ব্যক্তি নবীজী (সা) এর দরবারে এলে তিনি তাঁর সম্মান করতেন।

বর্ণনাঃ একবার নবী করীম (সা) কোন এক কক্ষে উপবিষ্ট ছিলেন। তাঁর এতো পরিমান সাহাবী সেখানে উপস্থিত হলো যে, হুজরা শরীফ ভরে গেল এবং বসার জায়গা রইল না।

حضرت جریر رضی اللہ عنہ، جو ایک صحابی تھے تشریف لائے اندر جگہ نہ دیکھی تو دہلیز پر بیٹھ گئے۔ آپؐ نے اپنی چادر مبارک لپیٹ کر ان کے پاس پھینک دی اور فرمایا کہ اس پر بیٹھ جاؤ۔ انہوں نے چادر مبارک کو اٹھاکر آنکھوں سے لگایا اور بوسہ دیکر رونے لگے اور تہہ کر کے آپ کو پھیر دی اور عرض کی کہ میں اس لائق نہیں کہ آپ کی چادر مبارک پر بیٹھوں۔ جیسی آپؐ نے میری تعظیم و تکریم کی، خدا آپؐ کی تعظیم و تکریم کرے۔

پھر آپؐ نے دائیں بائیں دیکھ کر فرمایا جب تمہارے پاس کوئی آدمی آئے تو اس کی تعظیم و تکریم کرو۔

یہ بھی روایت ہے کہ بعض اوقات آپ کی خدمت میں کوئی حاضر ہوتا تو اگر بیٹھنے کے لئے جگہ کم ہوتی تو آپ اپنے صحابہؓ سے فرماتے:

تَفَسَّحُوا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ باہر سے آنے والے کے لئے کھلی جگہ چھوڑ دو اللہ تعالیٰ تمہیں تنگی سے بچائے گا۔

শব্দার্থ : صحابی সাহাবী, সাথী, اندر ভিতর, মধ্যে, دهلیز বারান্দা, لپیٹ کر ভাজ করে, پهینک دی ছুড়ে দিলেন, آنکهوں চোখ, بوسه চুম্বন, رونے لگے কাঁদতে লাগলেন, تہ ভাজ, لائق যোগ্য, تعظیم و تکریم ইযযত ও সম্মান.

অনুবাদ ॥ হযরত জারীর (রা) যিনি একজন সাহাবী ছিলেন আগমন করলেন। ভেতরে জায়গা দেখলেন না, তাই বারান্দায় বসে গেলেন। আল্লাহর রাসূল (সা) নিজ চাদর মোবারক ভাজ করে তার দিকে ছুড়ে দিলেনএবং বললেন- এর ওপর বসে যাও। তিনি চাদর মোবারক উঠিয়ে চোখের ওপর বুলালেন এবং চুমু দিয়ে কাঁদতে লাগলেন এবং ভাজ করে তাঁকে ফেরৎ দিলেন। আর বললেন- আমি এ যোগ্য নই যে, আপনার চাদর মোবারকের ওপর বসব। আপনি যেরূপ আমার ইয্যত- সম্মান করলেন আল্লাহ এরূপ আপনার ইয্যত- সম্মান করুন। অতঃপর নবী করীম (সা) ডানে বামে তাকিয়ে বললেন- যখন তোমাদের নিকট কোন ব্যক্তি আসে তখন তার ইয্যত- সম্মান করবে।

এও বর্ণিত আছে যে, কোন সময় তাঁর দরবারে কেউ হাজির হলে যদি বসার জায়গা না থাকত তাহলে তিনি তাঁর সাহাবীদের কে বলতেন- تَفَسَّحُوا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ "বহিরাগতদের জন্য খালী জায়গা ছেড়ে দাও, আল্লাহ তাআলা তোমাদেরকে সংকীর্ণতা থেকে রক্ষা করবেন।"

(৯) آپؐ اپنے بزرگوں کی بڑی عزّت کرتے تھے اور ان کی بات مان لیتے تھے۔

روایت :- آپؐ کی دایہ جس نے آپ کو دُودھ پلایا تھا، ایک دفعہ آپؐ کی خدمت میں آئیں، آپؐ نے اپنی چادر مُبارک ان کے لئے بچھادی اور فرمایا، اے مادر مہربان! آپ نے خوب کیا کہ آپ تشریف لائیں، پھر ان کو اپنی چادر مبارک پر بٹھایا اور فرمایا کہ سفارش کرو میں تمہاری سفارش قبول کروں گا اور جو مانگوگی وہ دوں گا۔ پھر انہوں نے جن شخصوں کی سفارش کی ان کے ساتھ بہت کچھ سلوک کیا اور جو کچھ دایہ نے مانگا اس سے بہت زیادہ دیا۔

(১০) آپؐ اپنے دوستوں کے دوستوں کی بھی عزّت کیا کرتے تھے اور ان کو بھی نہ بھولتے تھے۔

শব্দার্থ : بزرگوں کو বয়োজ্যেষ্ঠদেরকে, বড়দেরকে, دایہ দুধ মা, مادر مہربان স্নেহময়ী আম্মা, بٹھایا বসালেন, سفارش সুপারিশ, قبول গ্রহণ, مانگوگی চাইবেন, سلوک ব্যবহার, مانگا চাইলেন।

অনুবাদ॥ ৯। নবী করীম (সা) তাঁর বড়দেরকে বেশ সম্মান করতেন। এবং তাদের কথা মেনে নিতেন।

বর্ণনাঃ নবীজী (সা) এর দুধমা যিনি নবীজীকে দুধ পান করিয়েছিলেন একবার তাঁর দরবারে আসলেন। তিনি নিজ চাদর মোবারক তাঁর বসার জন্য বিছিয়ে দিলেন এবং বললেন- হে স্নেহময়ী আম্মা! আপনি বেশ ভাল করেছেন যে, আগমন করেছেন। এরপর নিজ চাদর মোবারকের ওপর বসালেন এবং বললেন- কোন সুফারিশ **থা**কলে বলুন আপনার সুফারিশ কবুল করব এবং যা চান তা দান করব। এরপর তিনি যাদের সম্পর্কে সুফারিশ করলেন তাদের সাথে খুবই ভাল আচরণ করলেন এবং দুধমা যা কিছু চাইলেন তার থেকে অনেক বেশী তাকে প্রদান করলেন।

১০। নবী করীম (সা) তাঁর বন্ধুর বন্ধুদেরকে ও সম্মান করতেন এবং তাদেরকে কখনো ভুলতেন না।

نہانے لگے۔ آپؐ کپڑا روک کر کھڑے ہو گئے کہ ان کو لوگوں سے آڑ میں کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ آپؐ پر میرے ماں باپ فدا ہوں ایسا نہ کریں۔ آپ نے نہ مانا اور جب تک وہ غسل سے فارغ نہ ہوئے آپ پردہ کئے کھڑے رہے۔

غرض آپؐ کے اخلاق ایسے پسندیدہ تھے کہ خدائے تعالیٰ نے بھی آپؐ کی تعریف قرآن مجید میں کی ہے، ہم مسلمانوں کو چاہئے کہ جہاں تک ہو سکے آپؐ کی پیروی کریں تاکہ ہم سے خدا راضی رہے۔

لڑکو! تم خدائے تعالیٰ کی رضامندی کا طریقہ تو جان چکے اَب ہم ان چیزوں کا کچھ حال سناتے ہیں جو اس نے ہمارے واسطے پیدا کی ہیں۔ ذرا غور سے سنو اور یاد رکھو۔

اللہ کی مخلوق

خدا تعالیٰ نے دُنیا میں جتنی چیزیں پیدا کی ہیں ان کی تین قسمیں ہیں۔
پہلی، وہ چیزیں جن میں جان ہوتی ہے اور ان کا جب جی چاہتا ہے چل پھر سکتی

শব্দার্থ : فدا উৎসর্গ, فارغ অবসর, پسندیدہ পসন্দনীয়, تعریف প্রশংসা جہاں تک ہوسکے যতটুকু সম্ভব হয়, پیروی অনুসরণ, رضامندی সন্তুষ্টি, طریقہ পদ্ধতি।

অনুবাদ॥ আর নবীজী (সা) কাপড় ধরে দাঁড়িয়ে গেলেন যাতে উক্ত সাহাবী মানুষের থেকে আড়াল হয়ে যান। সাহাবী বললেন- আপনার উপর আমার পিতা মাতা উৎসর্গ হোক ! এরূপ করবেন না। তিনি তার কথা মানলেন না। এবং যতক্ষণ গোসল থেকে অবসর না হলেন তিনি পর্দা ধরে দাঁড়িয়ে থাকলেন।

মোটকথা তাঁর চরিত্র এমন পসন্দনীয় ছিল যে, আল্লাহ তা'আলাও কুরআন মজীদে তাঁর প্রসংসা করেছেন। আমাদের মুসলমানদের উচিৎ যে, যতটুকু সম্ভব আমরা তাঁর অনুসরণ করব। যাতে আল্লাহ তা'আলা আমাদের উপর সন্তুষ্ট হন।

বৎসগণ! তোমরা আল্লাহ তা'আলার সন্তুষ্টি লাভের উপায় তো জেনেছ, এখন আমরা ঐ সকল জিনিষের কিছু অবস্থা শুনাচ্ছি যা তিনি আমাদের জন্য সৃষ্টি করেছেন। একটু মনোযোগের সাথে শুন এবং স্মরণ রাখ।

আল্লাহ তা'আলার সৃষ্টি

আল্লাহ তা'আলা দুনিয়াতে যত বস্তু সৃষ্টি করেছেন তা তিন প্রকার-
প্রথমত- ঐ সকল জিনিষ যাদের মধ্যে জীবন আছে এবং যখন তাদের মনে চায় চলাফেরা করতে পারে।

روایت :- ایک دفعہ ایک بڑھیا آپؐ کے پاس آئی، آپؐ نے اس کی بہت
تعظیم کی۔ جب آپؐ سے اس کا حال پوچھا گیا تو فرمایا کہ یہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلی ہے
اور ان کے پاس آیا کرتی تھیں۔ اُم المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا انہیں کی
بیٹی ہیں۔

(۱۱) جب آپؐ کے اصحابؓ آپؐ کے سامنے کوئی کام کرنے لگتے تو آپؐ بھی
اس کام میں شریک ہو جاتے اور ان کی مدد کرتے۔

روایت :- ایک دفعہ آپؐ سفر کو گئے۔ آپ کے بہت سے اصحابؓ بھی ساتھ تھے۔
وہ جب کھانا پکانے لگے تو کوئی بکری ذبح کرنے لگا کوئی اس کے صاف کرنے پر
تیار ہوا، غرض اسی طرح سبؓ نے ایک ایک کام اپنے ذمہ لے لیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ میں
لکڑیاں لاؤں گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا۔

یہ بھی روایت ہے کہ ایک دفعہ آپؐ کنوئیں پر اپنے ایک صحابی کے ساتھ غسل
کرنے گئے۔ انہوں نے ایک چادر کی آڑ آپؐ پر کرلی جب آپ نہا چکے تو وہ صحابی

শব্দার্থ : بڑھیا বুড়ি, বৃদ্ধা, سہیلی বান্ধবী, بیٹی কন্যা, مدد সাহায্য, تیار প্রস্তুত, তৈরী, غرض মোটকথা, ذمے দায়িত্বে, لکڑی জ্বালানি, কাঠ,

---

অনুবাদ ॥ বর্ণনাঃ একবার এক বুড়ী নবীজীর নিকট এলো। তিনি তার খুবই সম্মান করলেন। যখন নবীজীর নিকট তার সম্বন্ধে জিজ্ঞেস করা হল তখন বললেন- এ হলে খাদীজার বান্ধবী এবং তার কাছে আসা যাওয়া করত। মুমিন জননী হযরত খাদীজা (রা) নবী করীম (সা) এর সহধর্মিনী ছিলেন। হযরত ফাতেমা (রা) তাঁরই কন্যা ছিলেন।

১১। যখন মহানবী (সা) এর সাহাবীগণ তাঁর সামনে কাজ করতেন, তখন তিনিও তাতে শরীক হতেন এবং তাদের সাহায্য করতেন।

বর্ণনাঃ মহানবী (সা) একবার সফরে গেলেন, তাঁর অনেক সাহাবীও তাঁর সঙ্গে ছিলেন। তাঁরা যখন খানা পাকাতে লাগলেন, তখন কেউ বকরী জবাই করতে লাগলেন, কেই তা পরিষ্কার করার জন্যে তৈরী হয়ে গেলেন, মোটকথা এ ভাবে সবাই এক এক কাজ নিজ দায়িত্বে নিয়ে নিলেন। নবীজী (সা) বললেন- আমি জ্বালানী আনব। সুতরাং তিনি তাই করলেন। এও বর্ণিত আছে যে, একবার তিনি কূপে তাঁর কোন এক সাহাবীর সাথে গোসল করতে গেলেন। তিনি নবীজীকে একটি চাদরের আড়াল করে রাখলেন। যখন তিনি গোসল সারলেন তখন উক্ত সাহাবী গোসল করতে লাগলেন।

ہیں۔ جیسے گائے، گھوڑا، بندر، بلّی، چوہا، چڑیا طوطا، کوّا، سانپ، چیونٹی، پسو،
مکھی، مچھر، وغیرہ ان میں سے ہر ایک کو حیوان کہتے ہیں۔

دوسری، وہ چیزیں ہیں جو زمین سے اُگتی ہیں اور اپنے آپ ایک جگہ سے
دوسری جگہ نہیں جاسکتیں، مگر اپنی جگہ پر کھڑی بڑھتی رہتی ہیں۔ جیسے گھاس،
درخت، پودے، بیلیں وغیرہ۔ اس قسم کی چیزوں کو نباتات کہتے ہیں۔

تیسری، وہ چیزیں جن میں نہ تو جان ہوتی ہے نہ زمین سے اُگتی ہیں، نہ
درختوں کی طرح بڑھتی ہیں اور نہ اپنے آپ ہل جُل سکتی ہیں، نہ چل پھر سکتی ہیں۔

جیسے مٹی، پتھر، لوہا، تانبا، چاندی، سونا نمک اس قسم کی چیزوں کو جمادات کہتے
ہیں۔ اب ہم ان تینوں قسموں کی مخلوق کا جُدا جُدا کچھ بیان کرتے ہیں۔ اگر تم ان
کا حال جی لگاکر پڑھوگے اور یاد رکھوگے تو تمہیں بہت فائدہ ہوگا۔

শব্দার্থ : جی মন, بلی বিড়াল, چڑیا চড়ুই. পাখি, کوا কাক, چیونٹی পিঁপড়া. پسو ডাস মাছি. مکھی মাছি. مچھر মশা. وغیرہ ইত্যাদি. حیوان জীব. اگتی ہے উৎপন্ন হয়, پودے চারা, نباتات উদ্ভিদ, چاندی রুপা, نمک লবন, جمادات জড়।

অনুবাদ॥ যেমন- গরু, ঘোড়া, বানর, বিড়াল, ইঁদুর, চড়ুই, তোতা, কাক, সাপ, পিঁপড়া, বিচ্ছু,(ডাস মাছি) মাছি, মশা, ইত্যাদি। এগুলোর প্রত্যেকটিকে জীব বলে।

দ্বিতীয়ত- ঐ সকল বস্তু যা মাটি থেকে উৎপন্ন হয় এবং নিজে নিজে এক জায়গা হতে অপর জায়গায় যেতে পারে না। কিন্তু নিজ জায়গায় দাঁড়িয়ে বাড়তে থাকে। যেমন- ঘাস, গাছ, চারা, লতা, প্রভৃতি। এ প্রকারের জিনিষকে নাবাতাত (উদ্ভিদ) বলে।

অনুবাদ॥ **তৃতীয়ত**- ঐ সকল বস্তু যার মধ্যে না তো প্রাণ থাকে, না মাটি থেকে উৎপন্ন হয়, না বৃক্ষরাজির ন্যায় বৃদ্ধি পায়, আর না নিজে নিজে হেলা-দোলা করতে পারে, না চলাফেরা করতে পারে। যেমন- মাটি, তামা, রুপা, স্বর্ণ লবন। এজাতীয় বস্তুকে জামাদাত (জড় বস্তু) বলে।

এখন আমরা এ তিনো প্রকার সৃষ্টির কিছু ভিন্ন ভিন্ন আলোচনা করব। যদি তোমরা এগুলোর অবস্থা মন লাগিয়ে পড় এবং স্মরণ রাখ তাহলে তোমাদের অনেক উপকার হবে।

حیوانات کا بیان

خدائے تعالیٰ نے جتنے جانور پیدا کئے ہیں وہ سب انسان کے فائدے کے لئے ہیں۔ کوئی سواری کے کام آتا ہے، کوئی بوجھ ڈھونے کے کسی کا گوشت کھاتے ہیں، کسی کا دُودھ پیتے ہیں، دودھ سے ربڑی، کھویا، دہی اور پنیر بناتے ہیں، ملائی، مکھن اور گھی نکالتے ہیں اور ان چیزوں سے طرح طرح کی مٹھائیاں بناتے اور مزے مزے کے کھانے پکاتے ہیں۔ بعض جانور انڈے دیتے ہیں۔ ان کو بھی کئی طریقوں سے کھاتے ہیں۔

جانوروں کا چمڑا بڑے کام کی چیز ہے۔ اس کے موزے، جوتیاں، تھیلے، تھیلیاں، دستانے، کاغذ، مشکیں، ڈول، چرسے بگھی اور گھوڑے کا ساز، کپے

জীবের বর্ণনা

শব্দার্থ : حیوانات জীব, প্রাণী, بیان বর্ণনা, سواری আরোহণ, بوجھ ڈھونے বোঝা বহন, ربڑی ছানা, کھویا ছানা, دہی দধি, ملائی মালাই, সর, تھیلے ব্যাগ, ছোট থলি, دستانے হাত মোজা, مشکیں মশক, চামড়ার পানির পাত্র, ڈول বালতি, چرسے বড় বালতি বিশেষ, بگھی গাড়ী, ساز সরঞ্জাম, کپے ছোট পাত্র।

অনুবাদ॥ আল্লাহ তা'আলা যত প্রাণী সৃষ্টি করেছেন তা সবই মানুষের উপকারের জন্যে। কোনটি আরোহণের কাজে আসে, কোনটি বোঝা বহনের, আমরা কোনটির গোশ্‌ত খাই, কোনটির দুধ পান করি। দুধ দ্বারা রাবড়ী, ছানা, দধি, ও পনির বানায়। মালাই, মাখনও ঘি বের করি এবং তা দ্বারা বিভিন্ন প্রকারের মিষ্টি বানাই এবং মজার মজার খানা রান্না করি। যেমন কোন প্রাণী ডিম দেয়। তাও কয়েক প্রকারে খাই।

পশুর চামড়া বেশ কাজের জিনিষ। উহার মোজা, জুতা, ব্যাগ, থলি, হাত মোজা, কাগজ, মশক (পানির পাত্র), বালতি, জুতার তলি, ঘোড়ার গাড়ীর সামিয়ানা, ঘোড়ার সাজ, চামড়ার ছোট পাত্র।

کپّیاں ، رسّے اور قسم قسم کی چیزیں بنتی ہیں۔ بعض جانوروں کے بالوں اور اون سے چغے، کمبل، قالین لوئیاں، بانات، شال، دوشالے اور پشمینے بناتے ہیں۔ اور انہیں اوڑھ کر جاڑے میں سردی سے بچتے ہیں۔ سرد ملکوں میں چھوٹے چھوٹے جانور ایسے بھی ہوتے ہیں کہ اُن کا رواں نرم نرم چمکیلا اور خوش رنگ ہوتا ہے، ان کی کھال سے پوستینیں اور ٹوپیاں بنتی ہیں جنہیں پہن کر ہم گرم ہوتے ہیں۔ بعض جانوروں کے سینگوں اور ہڈیوں کے کنگھے کنگھیاں، چاقوؤں کے دستے، بوتام، چھوٹی چھوٹی ڈبیاں، بچّوں کے لئے کھلونے اور دیگر خوبصورت خوبصورت چیزیں بنتی ہیں۔ بہتیرے جانوروں کی چربی کا تیل سے بتیاں بناتے ہیں۔

শব্দার্থ : کپیاں বড় পাত্র, رسے রশি, اون উল, چغے চুগা, জুব্বা বিশেষ, قالین গালিচা, কার্পেট, لوئیاں পশমী চাদর, بانات পশমী মোটা কাপড়, دوشالے পশমী দোপল্লা কাপড়, پشمینے উলের কাপড়, اوڑھ کر গায়ে দিয়ে, سرد ملک শীত প্রধান দেশ, رواں লোম, چمکیلا উজ্জ্বল, کھال চামড়া, پوستینیں কোট, کنگھے চিরুনী, کنگھیاں ছোট চিরুনী, دستے বাট, হাতল, ڈبے ডিব্বা, বয়ম, دیگر অন্যান্য, خوبصورت সুন্দর।

অনুবাদ॥ বড় পাত্র, রশি, এবং বিভিন্ন প্রকারের জিনিষ বানাই। কোন কোন প্রাণীর পশম এবং উল দ্বারা আবা-জুব্বা, কম্বল, গালিচা-কার্পেট, পশমী চাদর, গরম কাপড়, ছোট-বড় পশমী শাল, পশমী কাপড় তৈরী করি এবং সেগুলো পরিধান করে শীতকালে ঠান্ডা থেকে রক্ষা পাই।

শীতপ্রধান দেশে এমন ছোট ছোট প্রাণীও আছে যাদের লোম কোমল-নরম উজ্জ্বল ও সুন্দর রঙের হয়। তাদের চর্ম দ্বারা পালকযুক্ত পোশাক, টুপী তৈরী হয় যা পরিধান করে আমরা গরম হই।

কোন কোন প্রাণীর শিং এবং হাড় দ্বারা ছোট-বড় চিরুনী, চাকুর বাট (হাতল), বোতাম, ছোট ছোট কৌটা, শিশুদের খেলনা, এবং অন্যান্য সুন্দর সুন্দর দ্রব্য তৈরী হয়। অনেক পশুর চর্বি দ্বারা তৈল এবং বাতি বানাই।

بعض جانوروں کا گوبر بھی کام آتا ہے۔ اسے کبھی یونہی سکھا کر، کبھی اوپلے
تھاپ کر لکڑی کی طرح جلاتے ہیں، کبھی گوبر کو مٹی اور پانی میں ملا کر مکان لیپتے
ہیں۔ مرے ہوئے جانور اور گندی چیزیں اگر پڑی رہیں تو ان کی بدبو سے ہوا خراب
ہوجاتی ہے اور اس سے بیماری پیدا ہوتی ہے اس لئے خدائے تعالیٰ نے بعض جانور ایسے
بھی پیدا کئے ہیں جو اُن مردار اور گندی چیزوں کو کھا جاتے ہیں اور ہمیں بیماریوں
سے بچاتے ہیں۔ ریشم کے کیڑے، ریشم کے کوئے تنتے ہیں جن پر سے ریشم اترتا ہے۔
اسے صاف کر کے کپڑے، ازار بند، گوٹا، تاگے، ڈوریاں نیز اور بیسیوں چیزیں
بناتے ہیں۔

شہد کی مکھیاں، مہال بناتے ہیں۔ پھولوں سے مٹھاس چوس چوس کر لاتی ہیں
اور مہال میں جمع کرتی ہیں۔ اسی کو شہد کہتے ہیں۔ یہ بڑے فائدے کی چیز ہے۔
بھڑوں کے چھتے سے ایک قسم کی مصری نکلتی ہے جو بہت میٹھی ہوتی ہے۔

শব্দার্থ ঃ یونہی এমনিই. اپلے تھاپ کر কাঠি ইত্যাদির গায়ে লাগিয়ে শুকিয়ে, مکان ঘর. گندی নাপাক, بد بو দুর্গন্ধ. بیماری রোগ. مردار মৃত পশু.

অনুবাদ ॥ কোন কোন পশুর গোবর ও কাজে আসে। কখনো তাকে এমনিই শুকিয়ে, কখনো কাঠির গায়ে থাপ মেরে (শুকিয়ে) কাঠের মত জ্বালাই। কখনো গোবরকে মাটি এবং পানির সাথে মিশিয়ে ঘর লেপি। মৃত পশু এবং ময়লাক্ত জিনিষ যদি পড়ে থাকে তাহলে তার দুর্গন্ধে বায়ূ দুষিত হয়ে যায় এবং তাতে রোগ সৃষ্টি হয়। এজন্যে আল্লাহ তা'আলা এমনও কিছু প্রাণী সৃষ্টি করেছেন যারা ঐসব মৃত এবং ময়লাক্ত জিনিষকে খেয়ে ফেলে। আর আমাদেরকে রোগ-ব্যাধি থেকে রক্ষা করে। রেশমের পোকা রেশমের গুটি তৈরী করে। যার ওপর থেকে রেশম বের হয়। সেটা পরিষ্কার করে কাপড়, কোমর বন্ধনী, বেল্ট, তাগি, কাপড়ের পাড়, এবং আরো বিশোর্দ্ধ (বহু) জিনিষ বানাই।

মৌমাছি মৌচাক তৈরী করে। বিভিন্ন ফুল থেকে রস চুষে চুষে আনে এবং মৌচাকে সঞ্চয় করে। ঐ টাকেই মধু বলে। এটা খুবই উপকারের বস্তু।

বোলতার চাক থেকে এক প্রকারের মিছরী বের হয়। যা খুবই মিষ্ট হয়ে থাকে।

غرض خدائے تعالیٰ نے کوئی جانور ایسا ہیں پیدا کیا جس سے ہمیں فائدہ نہ پہنچتا ہو۔ ہر ایک کا پورا پورا حال اور اسکے فائدے بیان کرنے کو تو ایک دفتر چاہیئے جو جانور سب سے زیادہ ہمارے کام آتے ہیں ان کا تھوڑا تھوڑا حال تمہیں سناتے ہیں۔

گھوڑا جو جانور بوجھ اٹھاتے ہیں اور سواری کے کام آتے ہیں، ان میں گھوڑا سب سے زیادہ شاندار جانور ہے۔ سمجھ ایسی ہے کہ اپنے پرائے کو خوب جانتا ہے۔ مالک کو پہچانتا ہے، جو اس کی خدمت کرے اسے بھی سمجھتا ہے، جس راستے سے ایک دو دفعہ آئے جائے اسے بھی کبھی نہیں بھولتا، اس سے سوار کو بڑی مدد ملتی ہے۔ اسے راستہ دکھانے کی ضرورت نہیں رہتی، یہ اپنے آپ سیدھے راستے چلا جاتا ہے۔

শব্দার্থ : بھر বল্লা, دفتر ভলিয়ম খাতা, شاندار ঐতিহ্যময়, উন্নতমানের, اپنے پرائے আপন পর, پہنچانتا ہے চিনে سواری আরোহী, ضرورت প্রয়োজন।

অনুবাদ॥ মোটকথা আল্লাহ তা'আলা এমন কোন প্রাণী সৃষ্টি করেন নি যার দ্বারা আমাদের উপকার হয় না। প্রত্যেকটির পরিপূর্ণ অবস্থা এবং তার উপকার বর্ণনা করতে হলে এক (বিশাল ভলিয়মের) দফতর (খাতা) প্রয়োজন। তবে যে সব প্রাণী আমাদের বেশী কাজে আসে সেগুলোর সামান্য সামান্য অবস্থা তোমাদেরকে শুনাচ্ছি।

ঘোড়াঃ যে সব প্রাণী বোঝা বহন করে এবং আরোহণের কাজে আসে, সেগুলোর মধ্যে ঘোড়া সব চেয়ে বেশী ঐতিহ্যময় (উল্লেখযোগ্য) প্রাণী। উহার বোধশক্তি এমন যে, আপন আবাসস্থলকে উত্তমরূপে জানে। মালিককে চিনে। যে তার খেদমত করে তাকেও চিনে। যে রাস্তা দিয়ে দুএকবার আসা যাওয়া করে তাকে কখনো ভুলে না। তার দ্বারা আরোহীর বড়ই সাহায্য হয়। তাকে রাস্তা দেখানোর প্রয়োজন পড়ে না। এ নিজেই নিজেই সোজা রাস্তা দিয়ে চলে যায়।

کہیں ڈر کا موقع ہو تو دور سے بو پا کر چوکنا ہو جاتا ہے، کبھی پھنکارتا ہے، کبھی ٹھہر جاتا ہے۔ کبھی ڈر ڈر کر چلتا ہے، غرض جس طرح بن پڑے، سوار کو سمجھا دیتا ہے کہ دشمن سے بچنے کی کوشش کرے۔

اس سیانے جانور کو جس طرح سدھاؤ سیکھ جاتا ہے۔ لگام کے اشارے پر چلتا ہے، ٹھہر جاتا ہے، مڑ جاتا ہے۔ غرض جو چاہیں وہی کرتا ہے۔ رسالوں اور توپ خانوں کے گھوڑے آدمیوں کی طرح قواعد سیکھ جاتے ہیں۔ پریڈ میں جو بولی دی جائے اسی کے مطابق کرتے ہیں۔ کہیں سوار گر پڑے، تو بھی کام سے نہیں ہٹتے برابر قواعد کئے جاتے ہیں۔

اس میں بڑی خوبی یہ ہے کہ مالک کا بڑا وفادار ہوتا ہے۔ کیسا ہی تھکا ماندہ ہو، سواری دیے جاتا ہے۔ کڑکڑاتا جاڑا ہو یا چلچلاتی دھوپ ہمت نہیں ہارتا، جہاں

শব্দার্থ : موقع স্থান, چوکنا সতর্ক, پھنکارتا ہے ঊর্ধ্বশ্বাসে লাফিয়ে চলে, ٹھہر দাঁড়িয়ে যায়, بن پڑے বুঝে আসে, সম্মুখীন হয়, سیانے হুশিয়ার, سدھاو جاتا ہے শিক্ষা দাও, رسالوں রাজকীয়, সেনা বাহিনীর, توپ خانوں অস্ত্রাগার, যুদ্ধের ঘোড়া, قواعد নিয়ম কানুন, خوبی গুণ, وفادار বিশ্বস্ত, আনুগত্যশীল,

---

অনুবাদ॥ কোথাও বিপদের আশংকা হলে দূর থেকে ঘ্রাণ পেয়ে (আঁচ করে) সতর্ক হয়ে যায়। কখনো লাফিয়ে চলে, কখনো থেমে যায়, কখনো ভয়ে ভয়ে চলে। মোটকথা যেরূপ পরিস্থিতির শিকার হয় আরোহীকে বুঝিয়ে দেয় যেন সে শত্রু থেকে রক্ষা পাওয়ার চেষ্টা করে।

এ বিচক্ষণ প্রাণীকে যেভাবে প্রশিক্ষণ দাও সে সেভাবে তা শিখে ফেলে। লাগামের এশারায় চলে, থেমে যায়, ঘুরে যায়। মোটকথা আরোহী যা চায় সে তাই করে। রাজকীয় এবং সেনানিবাসের ঘোড়া মানুষের ন্যায় নিয়ম-কানুন শিখে ফেলে। কূচ-কাওয়াজের মধ্যে যে বুলি দেয়া হয় সে মোতাবেক কাজ করে। কোথাও আরোহী পড়ে গেলে তথাপি কাজ থেকে সরে না। রীতিমত নিয়ম-কানুন পালন করে চলে।

এর মধ্যে বড় গুণ এই যে, মালিকের বড় বিশ্বস্ত হয়ে থাকে। যতই ক্লান্ত হোক আরোহণের কাজ দিতেই থাকে। কনকনে শীত হোক বা প্রখর রোদ কখনো সাহস হারায় না।

چاہو پہنچا دیتا ہے۔ ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ سوار کسی بلا میں پھنس گیا ہے جس
سے اس کی جان پر آبنی ہے وہاں سے گھوڑے کی بدولت اس کی جان بچی ہے۔
یہ وفادار اپنے سوار کو لے کر اس زنّاٹے سے اڑا ہے گویا ریل گاڑی تھی کہ آنکھ
جھپکتے کہیں کے کہیں چلی گئی۔ جب کبھی ایسی مصیبت آتی ہے، یہ اپنی جان گنواتا
ہے مگر آقا پر آنچ نہیں آنے دیتا۔

گھوڑے کئی قسم کے ہوتے ہیں جو بہت قیمتی اور اعلیٰ درجے کے ہوتے ہیں،
ان کی بدولت بادشاہ اور امیر اپنی سواری کی شان دکھاتے ہیں۔ جنگی سپاہی اپنی
بہادری اور جواں مردی کا تمغہ پاتے ہیں، ملک کو دشمنوں سے بچاتے
ہیں۔ ان سے ذرا گھٹیا گھوڑے یکّوں اور بگھیوں میں لگائے جاتے ہیں۔
جو اس کام کے بھی نہیں ہوتے وہ چھکڑے کھینچتے ہیں، بوجھ ڈھوتے ہیں۔
بعض ملکوں میں ہل بھی جوتتے ہیں۔ جس ملک میں ہمارے رسول کریم صلی اللہ

শব্দার্থ : بلا বিপদ, پھنس گیا আবদ্ধ হয়ে গেল, آبنی আশংকা হয়ে যায়, زناٹے দ্রুত বেগে, گنواتا ہے বিসর্জন দেয়, آقا মনিব, قیمتی মূল্যবান, اعلیٰ درجہ উন্নত মানের, উচ্চস্তরের, شان ঐতিহ্য, কৃতিত্ব, جنگی سپاہی যুদ্ধবাজ সৈনিক, جوانمردی বিরত্ব, تمغہ সনদ, পদক, گھٹیا নিম্ন মানের, یکوں এক ঘোড়ার গাড়ী, بگھیوں দুই ঘোড়ার গাড়ী, چھکڑے বড় গাড়ী, মালবাহী গাড়ী, ہل লাঙ্গল।

অনুবাদ॥ যেখানে ইচ্ছা কর পৌঁছে দেয়। এমনো দেখা গেছে যে, আরোহী কোন বিপদে আবদ্ধ হয়ে গেছে যে কারণে তার জীবনের ঝুকি এসে গেছে, সেখান থেকে ঘোড়ার বদৌলতে তার জীবন রক্ষা পেয়েছে। এ বিশ্বস্থ প্রাণী নিজ আরোহীকে নিয়ে দ্রুতবেগে ছুটেছে যেন রেলগাড়ী যে, চোখের পলকে কোথা থেকে কোথায় চলে গেছে। যখন এমন কোন বিপদ এসে যায় তখন ঘোড়া তার জীবন উৎসর্গ করে দেয় কিন্তু মণিবের ওপর আঁচ লাগতে দেয় না।

ঘোড়া কয়েক প্রকারের হয়ে থাকে। যে ঘোড়া বেশী মূল্যবান ও উন্নত মানের হয় সেগুলোর সাহায্যে রাজা-বাদশাহ এবং আমীর- ধনীগণ নিজ সোয়ারীর কৃতিত্ব দেখান। যুদ্ধবাজ সৈনিক নিজ বীরত্ব ও পৌরুষের সনদ লাভ করে। দেশকে শত্রুদের থেকে রক্ষা করে। সেগুলোর থেকে সামান্য নিম্নমানের ঘোড়া এক্কা গাড়ী এবং দুঘোড়ার গাড়ীতে লাগানো হয়। যেগুলো এ কাজেরও যোগ্য না হয় সেগুলো ছেকড়া (তিন ঘোড়ার বড়) গাড়ী টানে। বোঝা বহন করে, কোন কোন দেশে লাঙ্গলও টানে।

علیہ وسلم پیدا ہوئے تھے، اس کا نام عرب ہے۔ وہاں کے گھوڑے ساری
دنیا میں مشہور ہیں۔ اور اس ملک جیسے اور کہیں نہیں ہوتے۔
گھوڑا مرجائے تو بھی اس کا جسم فائدے سے خالی نہیں۔ بال گدّیوں
اور تکیوں میں بھرتے ہیں۔ اُون کے کپڑے اور چھلنیاں بھی بناتے ہیں۔
کھال بہت مضبوط ہوتی ہے۔ اس سے جوتیوں کے تلے، زین اور ساز بنتے
ہیں۔ ہڈیوں سے چاقوؤں کے دستے بنائے جاتے ہیں۔ سموں کے بٹن اور
ڈبیاں، رگوں اور پٹھوں سے سریش بناتے ہیں، چربی کا تیل نکالتے ہیں۔
اونٹ۔ گھوڑے کی طرح اونٹ بھی سواری کے کام آتا ہے۔ اور
اس مطلب کے واسطے راجپوتانہ کے اونٹ بہت اچھے ہوتے ہیں مگر مادہ نر
کی نسبت چالاک اور مضبوط ہوتی ہے۔ اسے سانڈنی کہتے ہیں۔ گھوڑا
لگام کے اشارے پر چلتا ہے۔ مگر اس کی نکیل کھینچ کر جدھر چاہتے ہیں

শব্দার্থ : جسم শরীর, تکیوں বালিশ, چھلنی চালনী, زین জিনপোষ, গদি, ساز সাজ সরঞ্জাম, سموں ক্ষুর, بٹن বোতাম, پٹھوں রোশা, শিরা, سریش সিরিশ, আঠা বিশেষ, مادہ মাদী, نر পুরুষ, نسبت তুলনায়, سانڈنی উষ্ট্রী, نکیل নাকের রশি

অনুবাদ॥ যে দেশে আমাদের রাসূলে করীম (সা) জন্ম গ্রহণ করেছেন সে দেশের নাম আরব। সেখানকার ঘোড়া সমগ্র বিশ্বে প্রসিদ্ধ। এবং সে দেশের ন্যায় আর কোথাও হয়না।

ঘোড়া মরে গেলেও তার শরীর উপকার থেকে খালি নয়। পশম গদি ও বালিশে ভরা হয়। তার দ্বারা কাপড় এবং চালনীও তৈরী করা হয়। চামড়া খুব শক্ত হয়। চামড়া দ্বারা জুতার তলা, ঘোড়ার জিন এবং সরঞ্জাম তৈরী হয়। হাড় দ্বারা চাকু-ছুরির বাট বানান হয়। খুর দ্বারা বোতাম, কৌটা, শিরা এবং মেরুদণ্ডের মজ্জা দ্বারা সিরিশ বানাই। চর্বি থেকে তেল বের করা হয়।

উঁটঃ ঘোড়ার ন্যায় উঁট ও আরোহণের কাজে আসে। আর এ উদ্দেশ্যে রাজপুতানার উঁট বেশ ভাল হয়ে থাকে। তবে মাদীটা পুরুষ উঁটের তুলনায় চতুর ও শক্তিশালী হয়ে থাকে। তাকে উষ্ট্রী বলা হয়। ঘোড়া লাগামের এশারায় চলে। কিন্তু এর নকীল (নাকের রশি) টেনে যেদিকে ইচ্ছে করা হয় ঘুরিয়ে নেয়।

موڑ لیتے ہیں۔ ایک ایک سانڈنی سو سو کوس کا دم رکھتی ہے۔ جب شتر سوار سانڈنی کی نکیل اچھی طرح کھینچتا ہے اور دوڑاتا ہے تو بہت بھلی معلوم ہوتی ہے۔

بار برداری کے واسطے اونٹ سب سے زیادہ کام آتا ہے۔ جہاں ڈاک اور ریل نہیں جاتی وہاں سینکڑوں من مال اونٹوں پر لادتے ہیں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے ہیں۔ جب اس پر بوجھ لادتے ہیں تو یہ عجیب تماشے کرتا ہے سر ہلاتا ہے، بیٹھے بیٹھے منہ پھاڑ پھاڑ کر غل مچاتا ہے، کبھی گردن زمین پر رکھ دیتا ہے، کبھی کروٹ بدلتا ہے، کبھی چاہتا ہے کہ اٹھ کر بھاگ جاؤں، مگر بس نہیں چلتا کیونکہ ساربان اس کے گھٹنے باندھ دیتا ہے۔

اس میں یہ بڑی خوبی ہے کہ کھانے کو جو ملے، اسی پر گزارہ کر لیتا ہے۔

শব্দার্থ : کوس ক্রোশ, দুই মাইল সমপরিমান, شتر سوار উষ্ট্রারোহী, بھلی চমৎকার, بار برداری বোঝা বহন, سیکڑوں শত শত, لادتے ہیں চাপায়, সাজায়, عجیب অদ্ভুত, আশ্চার্য, تماشا কাণ্ড, غل مچاتا ھے চিৎকার করে, کروٹ পার্শ্ব, بس সাধ্য- ক্ষমতা, ساربان উট চালক, گھٹنے হাঁটু, گزارہ নির্বাহ, দিন যাপন।

অনুবাদ॥ এক একটি উষ্ট্রী শত শত ক্রোশ (মাইল) চলার ক্ষমতা রাখে। যখন উষ্ট্রারোহী উষ্ট্রীর নকীলকে ভালভাবে টানে এবং দৌড়ায় তখন বেশ চমৎকার অনুভূত হয়।

বোঝা বহনের জন্যে উঁট সবচেয়ে বেশী কাজে আসে। যেখানে ডাক এবং রেলগাড়ী যায়না সেখানে শত শত মন মাল উঁটের ওপর চাপান হয় এবং এক জায়গা থেকে অপর জায়গায় পৌছান হয়। যখন তার ওপর বোঝা চাপান হয় তখন এ আশ্চার্য কাণ্ড করে। মাথা নাড়ে, বসে বসে মুখ খুলে আনন্দরব করে। কখনো মাটিতে ঘাড় রেখে দেয়, কখনো পার্শ্ব পরিবর্তন করে, কখনো চায় যে, উঠে পালিয়ে যাবে, কিন্তু সাধ্য হয় না। কেননা উঁট চালক তার হাঁটু বেঁধে দেয়।

এর মধ্যে এ বিশেষ গুণ রয়েছে যে, খাওয়ার জন্যে যা মিলে তার ওপরই দিন যাপন করে নেয়।

نہ کڑوی کسیلی چیز سے نفرت کرتا ہے نہ میٹھے رسیلے اور نمکین چارے سے
رغبت رکھتا ہے ۔ پہاڑ ہو یا کانٹوں بھرا جنگل، رتیلا میدان ہو یا پکی سڑک
غرض ہر جگہ برابر چل سکتا ہے ہاں کیچڑ پانی میں بہت دق ہوتا ہے ۔ ریت میں
چلنا اسی کا کام ہے ۔ اور جانور تھوڑی دور چلے تو ہانپ جائے ۔ مگر خدائے
تعالیٰ نے اس کے پاؤں ایسے بنائے ہیں کہ ریت میں نہیں دھنستے ۔
اچھلتا کودتا اس طرح جاتا ہے جس طرح سڑک پر گھوڑا ۔
اونٹنی کا دودھ بہت گاڑھا ہوتا ہے ۔ اسے پیتے ہیں اور کئی قسم
کے کھانے پکاتے ہیں ۔ بعض سخت بیماریوں کی تو وہ ایک عمدہ دوا
ہے ۔ اس کے بالوں کے شتری چغے وغیرہ بھی بناتے ہیں جو جاڑوں
میں بہت کام آتے ہیں کھال سے خیمے، زین، ڈھالیں اور کپے بنائے

শব্দার্থ : کڑوی کسیلی তিক্ত-কৈষ্ঠ(টক), نفرت ঘৃণা, رسیلے রসাল, نمکین লবণাক্ত, رغبت আগ্রহ, رتیلا বালুময়, کیچڑ কাদা, دق কষ্ট, ریت বালু, دھنستے ধ্বসে, اچھلتا کودتا লাফ-ঝাপ দিয়ে, عمدہ উত্তম, شتری چغے পশমী জুব্বা, (شتر উট) وغیرہ ইত্যাদি, خیمے তাবু, زین জিনপোষ, کپے পাত্র।

অনুবাদ ॥ না তিক্ত- অস্বাদু জিনিষ থেকে ঘৃণা করে, না মিষ্ট রসাল ও লোনা জিনিষের প্রতি আকর্ষণ রাখে। পাহাড় হোক বা কাঁটা ভরা বন, বালুময় প্রান্তর হোক বা পাকা সড়ক,মোটকথা সব জায়গায় সমান চলতে পারে। হ্যাঁ! কাদা পানিতে খুবই কষ্ট হয়। বালুর মধ্যে চলা উঁটেরই কাজ। অন্যান্য প্রাণী সামান্য দূর চললে হাঁপিয়ে যায়, কিন্তু আল্লাহ তা'আলা এর পা এমন বানিয়েছেন যে, বালুর মধ্যে পা সরে যায় না। লাপিয়ে লাফিয়ে এমনভাবে চলে যেমনভাবে সড়কের ওপর ঘোড়া চলে।

উঁষ্ট্রীর দুধ খুব ঘন হয়। তা আমরা পান করি এবং বিভিন্ন রকমের খাদ্য রান্না করি। কোন কোন কঠিন রোগের জন্যে তো তা একটি উৎকৃষ্ট ঔষধ। উঁটের পশম দ্বারা শতরী জুব্বা ইত্যাদিও বানাই। যা শীতে অনেক কাজে আসে। চামড়া দ্বারা তাবু, জিনপোশ, ঢাল এবং পাত্র তৈরী করা হয়। আরবে প্রচুর পরিমান উঁট হয়।

جاتے ہیں۔

عرب میں اونٹ بڑی کثرت سے ہوتے ہیں، وہاں کے لوگوں کی بڑی دولت اونٹ، گھوڑے اور بکریاں ہیں۔ اونٹ کا گوشت حلال ہے۔ عرب اسے ایک نعمت سمجھتے ہیں اور بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔

ہاتھی۔ جتنے جانور خشکی پر رہتے ہیں اُن میں ہاتھی ڈیل ڈول میں سب سے بڑا ہے۔ کوئی اس کے لگ بھگ نہیں۔ بدن بہت موٹا ہے۔ مُنہ اونچا ہے۔ گردن چھوٹی، زمین پر سے کوئی چیز اٹھانی ہو تو مُنہ یا پاؤں سے اٹھا نہیں سکتا یہ سنکر تم دل میں کہتے ہوگے کہ پھر زمین سے کسی چیز کو اٹھا کر کس طرح کھاتا ہے؟ اس کام کے لئے خدائے تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے اسے ایک اور چیز دی ہے جو کسی اور چوپائے جانور کو نہیں دی۔ وہ کیا؟ اس کی سونڈ۔ یہ بہت لمبی ہوتی ہے۔ اس سے ناک اور پنجے کا کام لیتا ہے۔ زمین پر کوئی چیز رکھی ہو تو اس سے پکڑ کر مُنہ میں ڈال لیتا

শব্দার্থ : کثرت প্রচুর, অধিক, شوق আগ্রহ, خشکی স্থল, ڈیل ڈول গঠন-আকৃতি, لگ بھگ সমকক্ষ, بدن শরীর, چوپائے চতুষ্পদ, سونڈ সূঁড়, پنجے হাত, পাঞ্জা।

অনুবাদ॥ সেখানকার মানুষের বড় সম্পদ হল উঁট,ঘোড়া, এভং ছাগল। উঁটের গোশত হালাল। আরবরা উঁটকে একটি উৎকৃষ্ট নে'আমত জ্ঞান করে এবং বেশ আগ্রহ সহকারে খায়।

حیوانات نباتات اور جمادات جن کا حال تم نے پڑھا جن کے فائدے تم نے سُنے، خدا تعالیٰ نے اُن کے پیدا کرنے سے جو مہربانی ہم پر کی، اس کو سمجھے یہ سب قدرتی چیزیں کہلاتی ہیں۔ جو چیزیں آدمیوں نے خدائے تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیزوں سے بنائی ہیں، وہ مصنوعی کہلاتی ہیں۔ ان میں سے کچھ چیزوں کا تھوڑا تھوڑا حال اور ان کے فائدے تم قدرتی چیزوں کے بیان میں پڑھ چکے ہو۔ اب ہم ایک اور مصنوعی چیز کا حال اور اس کے فائدے بیان کرتے ہیں جو دنیا میں بہت ہی نرالی اور عجیب ہے۔ وہ کیا

ریل۔
تم نے دیکھا ہوگا کہ ریل بہت تیز چلتی ہے ابھی اتنی دُور تھی کہ نظر بھی نہیں آتی تھی، ابھی آن کی آن میں ہمارے پاس آگئی اور اس زور سے

আবিষ্কৃত বস্তুসমূহ

শব্দার্থ : کہلاتی ہے বলা হয়, قدرتی প্রাকৃতিক, نرالی অনন্য, ব্যতিক্রম, تیز দ্রুত, آن মুহূর্ত, নিমিষে।

অনুবাদ॥ জীব, উদ্ভিদ এবং জড় বস্তু যে সবের অবস্থা তোমরা পড়ে এসেছে, যে সবের উপকারীতা তোমরা শুনেছ, আল্লাহ তা'আলা সেগুলো সৃষ্টি করার দ্বারা যে অনুগ্রহ আমাদের ওপর করেছেন তা বুঝেছ এসবগুলোকে প্রাকৃতিক বস্তু বলে। আর যে সব জিনিষকে মানুষে আল্লাহ তা'আলার সৃজিত বস্তু থেকে বানায় সেগুলোকে আবিষ্কৃত বস্তু বলে। আবিষ্কৃত বস্তুর মধ্য হতে কিছু জিনিষের সামান্য সামান্য অবস্থা এবং সে সবের উপকারীতা বর্ণনা করছি।

বর্তমান বিশ্বে যা বেশী বিস্ময়কর ও আশ্চার্যজনক তা কি? তা হল রেলগাড়ী (তখনকার কথা)। এইমাত্র এত দূরে ছিল যে, নজরে আসছিল না, আর এখনই চোখের নিমিষে আমাদের নিকটে চলে এসেছে এবং এতো দ্রুত

ہمارے آگے سے نکل گئی کہ ہم اس پر آنکھ بھی نہیں ٹھہرا سکے اگر وہ رستے
میں کہیں نہ ٹھہرے تو گھنٹہ بھر میں اسّی میل چلی جائے، مگر ایسا نہیں ہوتا
سات آٹھ کوس پر اسٹیشن ہوتا ہے۔ وہاں اتنی دیر ٹھہرتی ہے کہ جس کو
اترنا ہو اتر جائے اور جس کو سوار ہونا ہو ، سوار ہولے۔

ریل بوجھ ڈھوتی ہے، ہمیں ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتی ہے،
بڑے آرام سے لے جاتی ہے دم بھر میں کہیں کی کہیں نکل جاتی ہے۔ پہلے
یہ بات نہ تھی، جب کبھی دُور جانا ہوتا تھا راہ میں مہینوں گذر جاتے
تھے، چور چکار کا ڈر ہر وقت رہتا تھا، تکلیفیں جُدا اٹھاتے تھے، کرایہ
بھی زیادہ لگتا تھا۔ اسباب کے خراب ہونے کا ہر وقت فکر رہتا تھا اور
جنگلوں میں پانی نہ ملنے سے جانیں ضائع ہو جاتی تھیں، اب آرام سے
ریل گاڑی میں بیٹھ جاتے ہیں، اسباب بھی اسی میں لاد لیتے ہیں گاڑیاں
کیا ہیں، خاصے گھر کے کمرے ہیں، مینہ برسے یا آندھی چلے، گرمی پڑے

শব্দার্থ : آنکھ চোখ, দৃষ্টি, کوس ক্রোশ (২মাইল দুরত্ব), ڈھوتی ھے বহন করে, کرایہ ভাড়া, فکر চিন্তা, ضائع বিনষ্ট, خاصے সম্পূর্ণ آندھی ঝড়-তুফান।

অনুবাদ ॥ আমাদের কাছ থেকে বের হয়ে গেছে যে, আমরা তার ওপর দৃষ্টি ও স্থির করতে পারিনি। যদি তা রাস্তায় কোথাও না থামে তাহলে ঘন্টায় আশি মাইল যেতে পারে। (বর্তমান ৫০০কিলো মিটার গতি সম্পন্ন ট্রেন আছে)। কিন্তু এমন হয় না। সাত আট মাইল পর পর স্টেশন থাকে। সেখানে এ পরিমান থামে যাতে যার নামার দরকার সে নামতে পারে, আর যার চড়ার দরকার সে চড়তে পারে।

রেলগাড়ী মাল বহন করে, আমাদেরকে এক জায়গা হতে আরেক জায়গায় পৌঁছে দেয়। বড়ই আরামের সাথে নিয়ে যায়। মুহূর্তের মধ্যে কোথা থেকে কোথায় বের হয়ে যায়। আগে এ জিনিষটি ছিল না। তখন কোথাও দূরে যেতে হলে পথে মাসকে মাস কেটে যেত। চোর ডাকাতের ভয় সব সময় থকত। ভিন্ন কষ্টভোগ করতে হত। ভাড়াও বেশী লাগত। জিনিষপত্র নষ্ট হওয়ার সব সময় চিন্তা থাকত এবং নির্জন প্রান্তরে পানি না পাওয়ার কারণে জীবন নাশ হয়ে যেত। এখন আরামের সাথে রেলগাড়ীতে বসে যায়। মাল-সামগ্রীও তার মধ্যে চাপান হয়। গাড়ী-বগীগুলো কি? খাছ ঘরের কামরার ন্যায়। বৃষ্টিপাত হোক বা তুফান চলুক, গরম পড়ুক

یا سردی، دن ہو یا رات اُن میں ہر وقت آرام سے بیٹھے چلے جاؤ،
نیند آئے تو مزے سے سو رہو۔ ہر اسٹیشن پر پانی اور کھانے پینے کی
چیزیں موجود جو جی چاہے لے کر کھاؤ ذرا بھی تکلیف نہیں اور ضرورتوں
کے لئے بھی پُورا پُورا انتظام ہے۔ جس چیز کی حاجت ہو، پوری ہو سکتی
ہے غرض بڑے آرام کی سواری ہے اور کوئی سواری اُس کو نہیں پہنچتی۔
ریل میں بہت سی گاڑیاں ہوتی ہیں، وہ بڑے بڑے کنڈوں سے
ایک دوسرے کے ساتھ جکڑی رہتی ہیں جو سب سے پہلی گاڑی ہوتی ہے
وہ سب گاڑیوں کو کھینچے لئے جاتی ہے اس میں بہت سی کلیں ہوتی ہیں
اس کو انجن کہتے ہیں اس میں آگ جلانے کے واسطے ایک بڑا تنور سا ہوتا
ہے جس کے ساتھ ہی ایک حوض پانی کا بھرا رہتا ہے اور جس طرح آدمی کے
بدن میں رگیں ہوتی ہیں اسی طرح اس حوض میں سے کئی نلیاں نکلتی ہیں۔
حوض کا پانی آگ سے تپ کر بھاپ بن جاتا ہے۔ یہ بھاپ ان نلیوں میں

শব্দার্থ : نیند ঘুম, নিদ্রা। انتظام ব্যবস্থা, کنڈوں শিকল, جکڑی সংযুক্ত, کلیں মেশিন, تنور চূলা, رگیں শিরা উপশিরা, نلیاں পাইপ, নল, بھاپ বাষ্প।

অনুবাদ॥ বা শীত, দিন হোক বা রাত তার মধ্যে সব সময় আরামে বসে চলে যাও। ঘুম আসলে আরামে শুয়ে থাক। প্রত্যেক ষ্টেশনে পানি ও পানাহারের জিনিষ মজুদ। যা মনে চায় নিয়ে খাও। একটুও কষ্ট নেই। এবং জরুরত সারার ও পূর্ণ ব্যবস্থা রয়েছে। যে জিনিষের দরকার হয় তা পূর্ণ হতে পারে। মোটকথা বড়ই আরামের সোয়ারী। অন্য কোন সোয়ারী (বাহন) এর ন্যায় নয়।

রেলের মধ্যে বেশ ক'টি বগি থাকে। সেগুলো বড় বড় শিকলের মাধ্যমে একটি অপরটির সাথে সংযুক্ত থাকে। যেটা সর্বপ্রথম গাড়ী হয় সেটি সকল গাড়ীকে টেনে নিয়ে যায়। তার মধ্যে অনেকগুলো মেশিন থাকে। তাকে ইঞ্জিন বলে। ইঞ্জিনের মধ্যে আগুন জ্বালানোর জন্যে বড় চূলা থাকে। যার সাথেই একটা হাউজ পানি ভর্তি থাকে। আর যেভাবে মানুষের শরীরের মধ্যে শিরা-উপশিরা থাকে তদরূপ এ হাউজ থেকে কতগুলো পাইপ বের হয়। হাউজের পানি আগুনে উত্তপ্ত হয়ে বাষ্প হয়ে যায়। এ বাষ্প ঐ সব পাইপ দ্বারা

چلی آتی ہے اور انجن کے پہیوں کے چکر دینے والے پُرزے کو بڑے زور
سے پھراتی ہے، مگر یاد رکھو کہ بھاپ کے زور سے انجن کے پہیوں کو پھرانا
نہ پھرانا ہمارے اختیار میں ہے۔ کیونکہ اس میں ایک کل ایسی لگی رہتی کہ جب
انجن کو ہم چلانا چاہتے ہیں تو اسے دبا دیتے ہیں، بھاپ زور کر کے انجن
کے پہیوں کو حرکت دیتی ہے اور وہ چل پڑتا ہے اس کے ساتھ ہی ساری
گاڑیاں بھی چلنے لگتی ہیں۔ جب اُسے ٹھہرانا چاہتے ہیں تو اسی کل کو
دوسری طرف کو دبا دیتے ہیں اب بھاپ کا زور انجن کے پہیوں سے
ہٹ جاتا ہے اسی واسطے وہ حرکت نہیں کر سکتے اور انجن ٹھہر جاتا ہے۔

শব্দার্থ : , پہیوں চাকা, چکر ঘূর্ণন, ٹھرانا থামান, ہٹ جاتا ہے সরে যায়।

অনুবাদ॥ চলে আসে এবং ইঞ্জিনের ঘুর্ণনকারী পার্টস (অংশ)গুলোকে খুব জোরে ঘুরায়। কিন্তু মনে রেখ যে, বাষ্পের সাহায্যে ইঞ্জিনের চাকাগুলোকে ঘুরান না ঘুরান আমাদের ইচ্ছাধীন। কেননা তার মধ্যে একটা মেশিন এমন আছে যে, ইঞ্জিনকে যখন আমরা চালাতে চাই তখন তাকে চাপ দেই। বাষ্প স্বজোরে ইঞ্জিনের চাকা নাড়া দেয়ার সাথে সাথে তা চলতে শুরু করে। তার সাথে সকল বগি ও চলতে থাকে। যখন তাকে থামাতে চাই তখন ঐ মেশিনকেই অপরদিকে চাপ দেই। এখন বাষ্পের শক্তি ইঞ্জিনের চাকা থেকে সরে যায় এ কারণে তা নড়তে পারে না। ফলে ইঞ্জিন থেমে যায়।

نیک عادتیں

صفائی

اپنے آپ کو پاک صاف رکھو۔ میلا کچیلا رہنا بہت بری بات ہے۔
اس سے بیماری پیدا ہوتی ہے۔ لوگوں کو گھن آتی ہے اور کوئی پاس
نہیں بٹھاتا، بعض لڑکے ہاتھ منہ دھونے سے گھبراتے ہیں۔ ماں باپ
اُن کا مُنہ دُھلاتے ہیں تو وہ روتے چلاتے ہیں، مچلتے ہیں، اِدھر اُدھر بھا
گتے ہیں ایسے لڑکے بہت ہی بُرے ہوتے ہیں۔ بدن پر میل جما ہوا ہے۔
گورا گورا رنگ کالا پڑ گیا ہے۔ ملنگ سے بنے پھرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے
گندے لڑکوں کو نہ کوئی پیار کرتا ہے، نہ اپنے پاس آنے دیتا ہے نہ گود
میں اٹھاتا ہے۔

সৎ স্বভাব

শব্দার্থ : نیک عادتیں সচ্চরিত্র, صفائی পরিষ্কার-পরিচ্ছন্নতা, میلا کچیلا অপরিষ্কার অপরিচ্ছন্ন, নোংরা, بیماری রোগ, گھن ঘৃণা, بٹھاتا বসায়, گورا বাদামী, সুন্দর অর্থে, ملنگ মাতাল,পাগল, گود কোল।

অনুবাদ॥ পরিষ্কার পরিচ্ছন্নতাঃ নিজে নিজেকে পরিষ্কার পরিচ্ছন্ন রাখ। অপরিষ্কার - অপরিচ্ছন্ন থাকা খারাপ কথা। এর দ্বারা রোগ সৃষ্টি হয়, মানুষের ঘৃণা আসে এবং কেউ কাছে বসায় না। কোন কোন ছেলেরা হাত মুখ ধুতে ভয় পায়। বাপ-মা যদি তাদের হাত মুখ ধোয়ায় তাহলে তারা কান্নাকাটি করে, লাফালাফি করে, এদিক সেদিক পালিয়ে যায়, এ ধরণের ছেলেরা খুবই খারাপ হয়। শরীরে ময়লা জমে যায়। সাদা ধবধবে রং কাল হয়ে যায়। পাগল-মাতালের ন্যায় হয়ে ঘুরে। এটাই কারণ যে, এ ধরণের অপরিষ্কার (ময়লাক্ত) ছেলেকে কেউ আদর করে না, নিজের কাছে আসতে দেয় না, কোলেও উঠায় না।

جاڑے میں ٹھنڈے پانی سے ہاتھ منہ دھونے میں تکلیف ہو تو
تازہ یا گرم پانی لو مگر ہاتھ منہ دھونے میں غفلت نہ کرو۔ ہاتھ منہ دھونے
کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ وضو کر لیا کرو۔

خاک دھول میں کھیلنا بڑے عیب کی بات ہے۔ اس سے کپڑے
میلے ہو جاتے ہیں اور جلد نہ دھوئیں تو میل انھیں گلا دیتا ہے۔ اسی لئے
کپڑا پھٹ جاتا ہے مٹی میں کھیلنے سے اُجلے خوبصورت کپڑے ہی خراب
نہیں ہوتے بلکہ بدن پر میل بھی جم جاتا ہے میلا میلا چہرہ اور بدن بُرا
دکھائی دیتا ہے بیماری کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

ننگے پاؤں نہ پھرو کانٹا یا شیشے کا ٹکڑا پاؤں میں چُبھ جائے گا تو بڑی
تکلیف ہوگی لنگڑا کر چلوگے تو لڑکے ہنسیں گے اور تمہیں حکیم کے پاس جاکر
دوا لگانی پڑے گی۔

শব্দার্থ : تازہ সতেজ, طریقہ পন্থা, পদ্ধতি, خاک মাটি, دھول ধুলা, اجلے উজ্জ্বল, اندیشہ আশংকা, ننگے নগ্ন, খালি।

অনুবাদ॥ শীতে ঠান্ডা পানি দ্বারা হাত মুখ ধোয়াতে কষ্ট হলে সতেজ বা গরম পানি লও, কিন্তু হাত মুখ ধোয়ার ব্যাপারে অলসতা কর না। হাত মুখ ধোয়ার সব চেয়ে উত্তম পদ্ধতি এই যে, উযূ করে নাও।

ধুলা-মাটিতে খেলা বড়ই দোষনীয় কাজ। এর দ্বারা কাপড় ময়লা হয়ে যায় এবং তাড়াতাড়ি না ধুলে ময়লায় তাকে বিগলিত করে দেয়। এ কারণে কাপড় ফেটে যায়। মাটির মধ্যে খেলার দ্বারা শুধু উজ্জল সুন্দর কাপড়ই খারাপ হয় না বরং শরীরে ময়লা জমে যায়। চেহারা ময়লাক্ত এবং শরীর খারাপ দেখায়। রোগ সৃষ্টি হওয়ার আশংকা হয়। খালি (নগ্ন) পায়ে ঘোরা ফেরা কর না। কাঁটা ও কাঁচের টুকরা পায়ে বিদ্ধ হলে অনেক কষ্ট হবে। খুড়িয়ে চললে ছেলেরা হাঁসবে এবং তোমার ডাক্তারের কাছে ওষুধ লাগাতে হবে।

ہر جمعے کو حجامت بنوالیا کرو۔ نہیں تو بال بڑھ جائیں گے۔ ان کی
جڑوں میں میل جمع ہو گا اور جوئیں پڑ جائیں گی حجامت کے ساتھ ناخن
بھی ضرور کتروانے چاہئیں نہ کتروائیں تو ان میں بھی میل بھر جاتا ہے اور
نیلے نیلے بُرے معلوم ہونے لگتے ہیں۔ لوگ نفرت کرتے ہیں۔

جب حجامت بنوا چکو تو نہاؤ، کپڑے بدلو اور جمعے کی نماز کا وقت
ہو جائے تو جامع مسجد میں جاؤ سب کے ساتھ نماز پڑھو۔ پھر تمہیں اختیار
ہے کھیلو، کودو یا لکھو پڑھو، جاڑے میں کم از کم آٹھویں دن اور گرمی
میں روز نہانا چاہیے مگر لوگوں کے سامنے ننگے ہو کر کبھی نہ نہانا اگر تمہارے
ماں باپ لڑکپن میں تمہیں ننگا ہو کر نہانے کی اجازت بھی دیں، تو بھی
تم ایسا ہرگز نہ کرنا۔ یہ بڑی شرم کی بات ہے۔

শব্দার্থ : نہ نہانا গোসল করবে না, لڑکپن শৈশব, ہرگز কখনো, آداب রীতি, নীতি।

অনুবাদ ॥ প্রতি শুক্রবারে ক্ষৌরকার্য কর। নতুবা চুল বড় হয়ে যাবে। চুলের গোড়ায় ময়লা জমা হবে এবং উকুন সৃষ্টি হবে। ক্ষৌরকার্যের সাথে সাথে অবশ্যই নখ কাটান চাই। নখ না কাটালে নখের মধ্যে ও ময়লা ভরে যাবে এবং নীল নীল হয়ে খারাপ মনে হবে, মানুষে ঘৃণা করবে।

যখন ক্ষৌরকার্য সম্পন্ন কর তখন গোসল কর। কাপড় পরিবর্তন কর। এবং জুমআর নামাযের সময় হয়ে গেলে জামে মসজিদে যাও। সবার সাথে নামায পড়, এরপর তোমার ইচ্ছা, খেলা-ধুলা কর বা লেখা পড়া কর। শীতকালে কমপক্ষে অষ্টম দিন আর গ্রীষ্মকালে প্রতি দিন গোসল করা উচিৎ। তবে মানুষের সামনে কখনো উলঙ্গ হয়ে গোসল করবে না। যদি তোমার পিতা মাতা শৈশবে তোমার উলঙ্গ হয়ে গোসল করার অনুমতি ও দেন তথাপি তোমরা কখনো এরূপ করবে না। এটা বড়ই লজ্জার কথা।

کھانے پینے کے آداب

جس قسم کا کھانا گھر میں موجود ہو، خوشی خوشی کھاؤ۔ کوئی چیز نہ ملے تو اس کے واسطے ضد نہ کرو، کھانے سے پہلے ہاتھ دھولو۔ جب کھانے لگو تو پہلے بسم اللہ پڑھو اور جو کچھ کھاؤ دائیں ہاتھ سے کھاؤ، اکثر لڑکے کھاتے وقت اپنے کپڑے خراب کرلیا کرتے ہیں۔ کہیں سالن کے دھبے لگا لیتے ہیں، کہیں کپڑوں سے انگلیاں پونچھ لیتے ہیں یہ بڑی بے تمیزی کی باتیں ہیں۔ ہمیشہ کھاتے وقت کپڑے سمیٹ کر بیٹھو اور خیال رکھو کہ اُن پر کوئی چیز نہ گرے۔ نوالہ چباتے وقت منہ بند کرلیا کرو، کہ چپڑ چپڑ کی آواز نہ نکلے۔ روٹی ہاتھ سے توڑو دانتوں سے نہ کترو، کھانا کھا چکو تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھو ہاتھ اور منہ اچھی طرح دھولو، دانتوں میں کھانے کے ٹکڑے اٹک جاتے ہیں اور منہ میں رہ کر سڑ جاتے ہیں جس سے بدبو پیدا

শব্দার্থ : ضد রাগ , জেদ, اکثر / অধিকাংশ, دھبے দাগ, انگلیاں / আঙ্গুল, بے تمیزی অভদ্রতা, অশালীন, سمیٹ গুছিয়ে, نوالہ লোকমা, খাদ্য গ্রাস, نہ کترو কেটে না, سڑ جاتے পঁচে যায়।

অনুবাদ॥ পানাহারের রীতি নীতিঃ যে ধরণের খাদ্য ঘরে মজুদ থাকে খুশী খুশী খেয়ে নাও। কোন জিনিষ না পেলে তার জন্যে জিদ ধর না। খাওয়ার আগে হাত ধুয়ে নাও। যখন খেতে শুরু কর তখন প্রথমে বিসমিল্লাহ্ পড় এবং যা কিছু খাও ডান হাতে খাও। অধিকাংশ ছেলেরা খাওয়ার সময় নিজ কাপড় খারাপ করে ফেলে। কোথাও তরকারীর দাগ লাগায়, কোথাও কাপড় দ্বারা আঙুল মুছে নেয়। এ সব বড়ই অভদ্রতার কাজ। সর্বদা খাওয়ার সময় কাপড় গুছিয়ে বস এবং লক্ষ রাখ যেন তার ওপর কোন জিনিষ না পড়ে। লোকমা ছোট লও এবং চাবানোর সময় মুখ বন্দ করে নাও যাতে চপড় চপড় শব্দ না বের হয়। হাত দ্বারা রুটি ছিড়। দাঁতে ছিড়ো না। খানা খাওয়া হলে আলহামদু লিল্লাহ্ পড় এবং মুখ ভালভাবে ধুয়ে নাও। দাঁতের মধ্যে খাদ্যকণা আটকিয়ে যায় এবং মুখের মধ্যে থেকে পঁচে যায়। যার দ্বারা দুর্গন্ধ সৃষ্টি হয়।

ہو جاتی ہے، اس واسطے کھانے کے بعد منہ میں پانی ڈال کر کُلّی کر لیا کرو اور انگلی یا مسواک سے دانتوں کو خوب صاف کر لیا کرو۔ پھر بھی کوئی چیز دانتوں میں اٹکی رہے تو خلال یا کسی صاف تنکے سے نکال ڈالنی چاہئے۔

دنیا میں ایسے آدمی بھی ہیں جن کو کئی دن کھانا نصیب نہیں ہوتا۔ پس جب تمہیں ہر روز کھانے کو ملے تو خدا کا شکر کرنا ضروری ہے کہ اُس نے اپنی مہربانی سے تمہیں وقت پر روز ہی عنایت کی کھانے سے پہلے ناک صاف کرو کھاتے وقت کھانسی یا چھینک آئے تو منہ پر بایاں ہاتھ رکھو اور دسترخوان کی طرف سے منہ پھیر لو۔ ناک بہنے لگے تو رومال سے پونچھ لو کوئی چیز منہ سے نکل کر ہاتھ کو لگ جائے تو چھپا کر رومال سے پونچھ لو۔ مگر بہتر تو یہ ہے کہ اٹھ کر ہاتھ اور منہ صاف کر لو۔

শব্দার্থ : تنکے কাঠি, শলাকা, نصیب ভাগ্য, عنایت দান, کھانسی কাশি چھینک হাঁচি, چھپا کر লুকায়ে, গোপন করে, بہتر উত্তম।

অনুবাদ ॥ এ জন্যে খাওয়ার পরে মুখে পানি দিয়ে কুলি কর এবং আঙুল বা মেসওয়াক দ্বারা দাঁতকে খুব পরিষ্কার করে নাও। তারপরও যদি কোন জিনিষ দাঁতে আটকে থাকে তাহলে খেলাল অথবা কোন পরিষ্কার শলাকা দ্বারা বের করে ফেলা উচিৎ।

দুনিয়াতে এমন মানুষও আছে যাদের কয়েক দিনেও খাবার ভাগ্যে জুটেনা। কাজেই তোমাদের যখন প্রতি দিন খাবার মেলে তখন আল্লাহ তা'আলার শুকরিয়া আদায় করা জরুরী যে, তিনি নিজ অনুগ্রহে তোমাকে সময় মত খাদ্য দান করেছেন। খাবার আগে নাক পরিষ্কার কর। খাওয়ার সময় কাশি বা হাঁচি আসলে মুখের ওপর বাম হাত রাখ এবং দসতরখানের দিক থেকে মুখ ঘুরিয়ে নাও। নাক থেকে সর্দি ঝরলে রুমাল দ্বারা নাক মুছে নাও। কোন জিনিষ মুখ থেকে পড়ে হাতে লাগলে গোপনে রুমাল দ্বারা মুছে ফেল। তবে উত্তম এই যে, উঠে হাত এবং মুখ পরিষ্কার করে নাও।

جب کھانا کھانے لگو تو ایک طرف سے اس طرح کھاؤ کہ جو کچھ بچ رہے اُسے دوسرا کھالے اور نفرت نہ کرے۔ اگر برتن کی ساری چیز کھالو تو اُسے پونچھ کر صاف کر دو۔

گلی کوچے اور بازار میں کھانا منع ہے اور چلتے پھرتے یا کھڑے ہو کر بھی کچھ نہ کھانا چاہئے۔ جب کئی آدمیوں کے ساتھ مل کر کھانے لگو تو اوروں کے کھانے کی طرف نہ دیکھو۔ جو چیز تمہارے آگے رکھی ہو اُسی کو کھاؤ۔ تم کسی کے گھر جا نکلو اور وہ کھانا کھا رہا ہو تو بے ضرورت اس کے پاس کھڑا ہونا اور بیٹھنا نہ چاہئے وہ کھانے میں شریک ہونے کو کہے تو عذر کرو، مگر جہاں بے تکلفی ہو وہاں اس کی کچھ ضرورت نہیں۔

خدا نہ خواستہ تم بیمار ہو جاؤ اور کسی چیز کے کھانے سے تمہیں منع کیا جائے تو اس چیز کو ہرگز نہ کھاؤ۔ بازار کی مٹھائی کبھی کبھی کھا لو تو مضائقہ نہیں، مگر اس کی عادت ڈالنی اور

শব্দার্থ : طرف পার্শ্ব, نفرت ঘৃণা, مٹھای মিষ্টি, مضائقہ ক্ষতি।

অনুবাদ ॥ যখন খানা খেতে শুরু কর তখন এক দিক থেকে এভাবে খাও যে, কিছু অবশিষ্ট থেকে গেলে তা যেন অপরে খেতে পারে এবং ঘৃণা না করে। যদি পাত্রের সব জিনিষ খাও তাহলে তা মুছে পরিষ্কার করে দাও।

অলি গলিতে এবং বাজারে খাওয়া নিষেধ এবং চলাফেরা অবস্থায় বা দাঁড়িয়ে ও কিছু খাওয়া উচিৎ নয়। যখন কয়েকজন মানুষের সাথে একত্রে খেতে বস তখন অন্যদের খাদ্যের প্রতি তাকায়ো না। যে জিনিষ তোমার সামনে রাখা থাকে তাই খাও। যদি তুমি কারো ঘরে গিয়ে পড় আর সে খানা খেতে থাকে তাহলে বিনা প্রয়োজনে তার পাশে দাঁড়ান বা বসা উচিৎ নয়। সে খানা খেতে বললে আপত্তি পেশ কর। কিন্তু যেখানে কোন লৌকিকতা না থাকে সেখানে এর কোন প্রয়োজন নেই।

আল্লাহ না করুন ! যদি তুমি অসুস্থ হয়ে যাও আর কোন জিনিষ তোমাকে খেতে নিষেধ করা হয় তাহলে উক্ত জিনিষকে কখনো খাবে না।। বাজারের মিষ্টি কোন কোন সময় খেলে তাতে অসুবিধা নেই।

چاٹ لگانی بڑے عیب کی بات ہے۔ اکثر لڑکے مٹھائی بڑے شوق سے
کھاتے ہیں لیکن اس سے دودھ کے دانتوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ کیڑا
لگ جاتا ہے اور مسوڑے کمزور ہو جاتے ہیں۔

تمہارے کھانا کھاتے وقت کوئی غریب آدمی تمہارے پاس آکر تمہیں
دیکھنے لگے اور شرم کے مارے مانگ نہ سکے تو تم اس کو اپنے کھانے میں سے
کچھ دیدو۔ اگر کھاتے وقت فقیر کی صدا تمہارے کان میں آئے تو اس کو بھی
ضرور کچھ بھیجنا چاہئے۔

جب تم کسی کے ہاں مہمان جاؤ اور تمہیں بھوک لگے تو صبر کرو، کھانا
نہ مانگو، جس وقت دیں اس وقت کھاؤ۔ تمہارے سوا اور مہمان یا ان کے بچے
کھا رہے ہوں تو ان کے پاس نہ جاؤ نہیں تو وہ جی میں کہیں گے کہ یہ لڑکا
کھانے کے لالچ سے یہاں آیا ہے۔

শব্দার্থ : عادت ڈالنی , অভ্যাস গড়া, چاٹ لگانی নৈমিত্তিক রুটিন বানান, شوق আগ্রহ, مسوڑ মাড়ি, صدا স্বর, صبر ধৈর্য, لالچ লোভ, লালসা।

অনুবাদ॥ কিন্তু অভ্যাস গড়া ও (রীতিমত) রুটিন বানান বড়ই দোষনীয় কথা। অধিকাংশ ছেলেরা মিষ্টি বেশ আগ্রহের সাথে খায় কিন্তু এতে দুধে দাঁতের বেশ ক্ষতি হয়। পোকা লেগে যায় এবং মাড়ি দূর্বল হয়ে যায়।

তোমাদের খানা খাওয়ার সময় যদি কোন গরীব মানুষ তোমাদের কাছে এসে দেখতে লাগে আর লজ্জার কারণে চাইতে না পারে তাহেলে তোমরা তোমাদের খানার মধ্য হতে কিছু তাকে দিয়ে দাও। খাওয়ার সময় যদি ফকীরের স্বর তোমাদের কানে আসে তাহলে তার জন্যে ও অবশ্যই কিছু পাঠান উচিৎ।

যখন তোমরা কারো নিকট মেহমান হয়ে যাও আর তোমাদের ক্ষুধা লাগে তাহলে ধৈর্য ধর, খানা চেয়ো না। যে সময় দেয় সে সময় খাও। তোমাদের ছাড়া অন্য মেহমান বা তার সন্তানেরা খেতে থাকে তাহলে তাদের কাছে যেয়ো না। নতুবা তারা মনে মনে বলবে যে, এ ছেলে খাওয়ার লোভে এখানে এসেছে।

پانی پینا ہو تو دائیں ہاتھ سے پیو اور ہمیشہ بیٹھ کر پیو۔ کھڑے ہو کر پینا مکروہ ہے۔ کھاتے وقت پانی پینا ہو تو پانی کا کٹورا یا گلاس دائیں ہاتھ میں لے کر اس طرح پیو کہ اس کو دھبہ نہ لگے کھاتے وقت بہت پانی پینا اچھا نہیں، نقصان دیتا ہے۔

سونے کے آداب

آدمی کی زندگی کے واسطے کھانے پینے کی طرح سونا بھی ضروری ہے۔ لیکن جس طرح بہت کھانے پینے سے بیماری پیدا ہوتی ہے اسی طرح بہت سونے سے ذہن کند اور طبیعت غبی ہو جاتی ہے عقلمندوں نے دن رات میں زیادہ سے زیادہ آٹھ گھنٹے اور کم سے کم چھ گھنٹے سونے کے واسطے مقرر کئے ہیں اس سے کم یا زیادہ نہ سونا چاہئے۔ سوتے وقت سر شمال کی طرف رکھو اور مغرب یعنی قبلے کی طرف پاؤں نہ پھیلاؤ۔ کروٹ کے بل سویا کرو۔ چت اور اوندھے ہو کر سونا اچھا نہیں۔ سوتے وقت دانت کرکرانا اور ناگوار آواز سے

শব্দার্থ : کٹورا গ্লাস, পান পাত্র, دھبہ দাগ, زندگی জীবন, বেঁচে থাকা, سونا ঘুমান, ذہن স্মৃতি, মেধা, کند নিস্তেজ, طبیعت স্বভাব- প্রকৃতি, غبی স্থুল, নির্জীব, عقلمند জ্ঞানী, مقرر নির্ধারণ, شمال উত্তর, مغرب পশ্চিম, کروٹ کے بل কাৎ হয়ে, اوندھے উপুড়, ناگوار অসস্তিকর।

অনুবাদ॥ পানি পান করতে হলে ডান হাতে পান কর এবং সর্বদা বসে পান কর। দাঁড়িয়ে পান করা মাকরূহ। খাওয়ার সময় পানি পান করতে হলে পানির পাত্র বা গ্লাস ডান হাতে নিয়ে এভাবে পান কর যাতে তার ফোটা না লাগে। খাওয়ার সময় বেশী পানি পান করা ভাল নয়, বরং ক্ষতি করে।

ঘুমের আদবঃ মানুষের বেঁচে থাকার জন্য পানাহারের ন্যায় ঘুমান ও জরূরী। কিন্তু যেরূপ অধিক পানাহারের দ্বারা রোগ সৃষ্টি হয় তদরূপ অধিক ঘুমানোর দ্বারা ও স্মৃতিশক্তি দূর্বল ও মেজায (স্বভাব) নিস্তেজ হয়ে যায়। জ্ঞানীগণ দিনে রাতে বেশীর থেকে বেশী আট ঘন্টা এবং কমপক্ষে ছয় ঘন্টা ঘুমানোর জন্যে নির্ধারণ করেছেন। তার চেয়ে কম বা বেশী না ঘুমান উচিৎ। ঘুমানোর সময় মাথা উত্তর দিকে রাখ। পশ্চিম অর্থাৎ কেবলার দিকে পা ছড়াবে না। কাৎ হয়ে ঘুমাও, চীৎ বা উপুড় হয়ে ঘুমান ভাল নয়। ঘুমের মধ্যে দাঁত কটমট করা ও

خراٹے لینا عیب کی بات ہے۔ اگرچہ نیند میں آدمی کو خبر نہیں ہوتی۔ لیکن پھر بھی کوشش کرنی چاہئے کہ یہ بُری عادت چھوٹ جائے۔ سر کے نیچے تکیہ اُونچا رکھنے اور کم کھانے سے یہ عیب اکثر جاتا رہتا ہے۔

دس برس کے بچّے کو الگ چارپائی پر سونا چاہئے اور سونے سے پہلے ضروری حاجتیں رفع کر لینی بہت ضروری ہیں۔ سونے سے اٹھ کر پانی پینا نقصان دیتا ہے۔ جب سو کر اٹھو، ہاتھ منہ دھو ڈالو تاکہ آنکھوں کی کثافت اور طبیعت کی سستی جاتی رہے۔

گفتگو کے آداب

عقلمندوں کا قاعدہ ہے کہ وہ بے ضرورت نہیں بولتے۔ جب کوئی کام کی بات ہو تو کہہ دیتے ہیں جب کوئی اُن سے کچھ پوچھے جواب دیدیتے ہیں۔ دیکھو! اکثر جانور صبح کے وقت باغوں اور جنگلوں میں کیسی اچھی آوازیں

শব্দার্থ : خراٹے নাক ডাকা, کوشش চেষ্টা, تکیہ বালিশ, عیب দোষ, چار پائی খাট, رفع সেরে নেয়া, کثافت ময়লা, سستی আলস্য, گفتگو কথাবার্তা।

অনুবাদ॥ অসস্থিকর শব্দে নাক ডাকা দোষের কথা। যদিও ঘুমের মধ্যে মানুষের খবর থাকে না কিন্তু তথাপি চেষ্টা করা উচিৎ যাতে এ কু-স্বভাব দূর হয়ে যায়। মাথার নীচে বালিশ উঁচু রাখলে এবং কম খেলে এ্র রোগ অধিকাংশ ক্ষেত্রে চলে যায়।

দশ বার বছরের সন্তানদেরকে আলাদা শোয়ান উচিৎ এবং শোয়ার আগে জরূরী প্রয়োজন সেরে নেয়া একান্ত জরূরী। ঘুম খেকে উঠে পানি পান করা ক্ষতিকর। যখন ঘুম খেকে উঠ আগে হাত মুখ ধুয়ে ফেল। যাতে চোখের ময়লা এবং স্বভাবজাত আলস্য চলে যায়।

কথাবার্তার আদবঃ জ্ঞানীদের নীতি এই যে, তারা বিনা প্রয়োজনে কথা বলেন না। যখন কোন কাজের কথা থাকে তখন বলেন। যখন কেউ তাঁদের কাছে কিছু জিজ্ঞেস করে তখন তার-জবাব দেন। দেখ! অধিকাংশ প্রাণী ভোরের সময় বনে- জঙ্গলে কেমন মধুর আওয়ায করে।

لگتے ہیں، جنہیں سن کر جی خوش ہو جاتا ہے مگر اکثر دن بھر چپ رہتے ہیں، ہر وقت نہیں بولتے رہتے اس سے معلوم ہوا کہ جانور بھی جنہیں کچھ سمجھ نہیں، بہت بولنے کو برا جانتے ہیں، اور زیادہ بک بک نہیں کرتے، تم تو آدمی ہو، اُن سے زیادہ سمجھ رکھتے ہو۔ تمہیں بھی چاہئے کہ بہت نہ بولو، بے ضرورت بات نہ کرو، اور جب بولو آہستگی سے بولو۔ دیکھو! مینڈک برسات کے دنوں میں جب پانی کے کنارے بیٹھ کر دن رات ٹرّاتا رہتا ہے اور سارا جنگل سر پر اٹھا لیتا ہے تو اس کی آواز کیسی بُری معلوم ہوتی ہے۔ اسی طرح جو آدمی زور سے بولتا ہے اور ہر وقت بکتا رہتا ہے اُسے بھی لوگ اچھا نہیں جانتے اور ایسے لڑکے کو پیار نہیں کرتے۔

کسی کو گالی نہ دو، پیٹھ پیچھے برا نہ کہو، جب بولو سچ بولو جھوٹ کبھی نہ بولو، بات بات پر قسم نہ کھاؤ، کسی کو بے عزتی سے نہ پکارو، جس سے بات کرو، ادب کے ساتھ کرو۔

শব্দার্থ : قاعده রীতি, باغ বাগান, معلوم هوا বুঝা গেল, آهستگی আস্তে, مینڈك ব্যাঙ, برسات বর্ষা, ٹراتا رهتا هی ডাকতে থাকে, গ্যা গ্যা করে, پیار আদর।

অনুবাদ॥ তা শুনে মন ভরে যায়। কিন্তু দিনের অধিকাংশ সময় চুপ করে থাকে। সব সময় শব্দ করতে থাকে না। এর দ্বারা বুঝা গেল যে, প্রাণী যাদের কোন জ্ঞান-বুঝ নেই তারা ও বেশী কথা বলা (শব্দ করা) কে খারাপ জানে এবং বেশী বক বক করে না। তোমরা তো মানুষ। তাদের চাইতে বেশী জ্ঞান রাখ। কাজেই তোমাদের ও উচিৎ যে, বেশী কথা বলবে না। বিনা প্রয়োজনে কথা বলবে না, আর যখন বলবে আস্তে বলবে।

দেখ! ব্যাঙ বর্ষাকালে যখন পানির তীরে বসে রাত দিন ডাকতে থাকে এবং সমস্ত জঙ্গল মাথায় উঠিয়ে নেয়। তখন তাদের শব্দ কেমন খারাপ মনে হয়। তদরূপ যে সব মানুষ উচ্চ স্বরে কথা বলে এবং সব সময় বকবক করতে থাকে কোন মানুষে তাকে ভাল জানে না এবং এ ধরণের ছেলেকে কেউ আদর করে না।

اِتفاق

گھر میں بھائی بہنوں سے، مدرسے میں لڑکوں سے کبھی نہ لڑو، آپس میں لڑنا بھڑنا بہت بُری بات ہے۔ دیکھتے نہیں کہ جب ایک کتا دوسرے کتے کو کہیں پاتا ہے اس پر بھونکتا ہے اس سے لڑتا ہے تو کیسا بُرا معلوم ہوتا ہے۔ پس جو آدمی اوروں سے لڑتا بھڑتا ہے وہ کُتے سے بھی بُرا سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ کُتے کو اچھے برے کی پہچان نہیں اور آدمی سب کچھ جانتا ہے۔

اکثر لڑکے کھانے پینے اور پہننے کی چیزوں پر آپس میں لڑتے رہتے ہیں یہ بہت بُری بات ہے۔ ایسا ہرگز نہیں چاہیئے۔ جب گھر میں کوئی چیز ملے تو بھائی بہنوں کے ساتھ مل کر کھا لیا کرو۔

دیکھو! چیونٹیوں میں کیسی اچھی عادت ہے، ایک چیونٹی اگر کوئی کھانے پینے کی چیز پاتی ہے تو سب کو خبر دیتی ہے۔ پھر سب وہاں آتی ہیں۔ جو کچھ پاتی ہیں

শব্দার্থ : اتفاق ঐক্য, একতা, نہ لڑو গন্ডগোল কর না, آپس میں পরস্পরে, بھونکتا ہے ঘেউ ঘেউ করে, اوروں অন্যদের, پہچان পরিচয়, چیونٹی পিঁপড়া, وہاں সেখানে।

অনুবাদ ॥ ঐক্যঃ বাড়ীতে ভাই বোনের সাথে, মাদ্‌রাসায় ছেলেদের সাথে কখনো গন্ডগোল কর না। পরস্পরে ঝগড়া বিবাদ করা খুবই খারাপ কথা। দেখনা ! যখন এক কুকুর কোথাও অন্য কুকুর দেখতে পায় তার ওপর ঘেউ ঘেউ করতে থাকে। তার সাথে ঝগড়া করলে তখন কেমন খারাপদেখায়। সুতরাং যে দু'জন মানুষ পরস্পরে ঝগড়া বিবাদ করে তাদেরকে কুকুরের চেয়ে খারাপ মনে করা হয়। কেননা কুকুরের তো ভাল মন্দের পরিচয় নেই, আর মানুষ সব কিছু বুঝে।

অধিকাংশ ছেলেরা পানাহারের এবং পরার জিনিষ নিয়ে পরস্পরে কলহ করে। এমনটা আদৌ উচিৎ নয়। যখন ঘরে কোন জিনিষ মিলে তখন ভাই বোনদের সাথে মিলে খেয়ে নাও।

দেখ! পিঁপড়াদের মধ্যে কেমন উত্তম অভ্যাস রয়েছে। এক পিঁপড়া যদি পানাহারের কোন জিনিষ পায় তাহলে সবাইকে খবর দেয়। তারপর সবাই সেখানে আসে। যা কিছু পায়

خوشی خوشی مل کر کھاتی ہیں اسی طرح آرام کی جگہ ملے تو بھی سب وہیں آ رہتی ہیں۔ بڑی شرم کی بات ہے کہ چیونٹیاں تو آپس میں ایسے اتفاق سے رہیں سہیں اور آدمی کے بچے ایک دوسرے سے لڑیں بھڑیں۔

ہر آدمی کو چاہئے کہ وہ سب سے اتفاق رکھے ایک کو کوئی تکلیف پہنچے تو دوسرا اس کی مدد کرے۔

دیکھو! کوؤں میں کیسا ایکا ہے، جب کسی کوّے پر کوئی مصیبت آتی ہے تو اس کی ایک آواز پر سینکڑوں کوّے اس کی مدد کو آجاتے ہیں، اور ایسا شور مچاتے ہیں کہ دشمن کو حیران کر دیتے ہیں۔ ہو سکے تو ٹھونگیں بھی مارتے ہیں۔ غرض ایک دوسرے کی مدد میں جو کچھ بن پڑتا ہے کرتے ہیں، کچھ کمی نہیں کرتے۔ کیا افسوس کی بات نہیں کہ کوّوں میں ایسا اتفاق، ایسی ہمدردی ہو اور آدمی میں یہ نیک عادت نہ ہو؟

শব্দার্থ : باقی অবশিষ্ট, رہیں سہیں বসবাস করে, لڑیں بھڑیں ঝগড়া বিবাদ করবে, کوں কাকদের, ایکا একতা, شور مچاتے ہیں হৈ চৈ করে, ٹھونگیں ঠোকর, بن پڑتا ہے প্রয়োজন দেখা দেয়, ہمدردی সমবেদনা।

অনুবাদ॥ সকলে মিলে মিশে খেয়ে নেয়। এভাবে আরামের জায়গা পেলে তাহলেও সবাই সেখানে এসে থাকে। বড়ই লজ্জার কথা যে, পিঁপড়ারা তো পরস্পরে এমন একতাবদ্ধ হয়ে থাকবে আর মানুষের সন্তান একে অন্যের সাথে কলহ বিবাদ করবে।

প্রত্যেক মানুষের উচিৎ যে, সে সবার সাথে একতাবদ্ধ হয়ে থাকবে। একজনের কোন দুঃখ-কষ্ট হলে অন্যজনে তার সাহায্য করবে।

লক্ষ কর ! কাকদের মধ্যে কেমন একতা রয়েছে। যখন কোন কাকের ওপর কোন বিপদ আসে তখন তার একটিমাত্র আওয়াজে শত শত কাক তার সাহায্যের জন্যে এসে যায় এবং এমন কোলাহল করে যে, শত্রুকে অস্থির করে দেয়। সম্ভব হলে ঠোকরও মারে। মোটকথা একে অন্যের সাহায্যের জন্যে যা কিছু প্রয়োজন পড়ে তা করে। তাতে কোন ঘাটতি করে না। কতইনা পরিতাপের বিষয় যে, তাদের মধ্যে এমন একতা, এমন সহমর্মিতা থাকবে, আর মানুষের মধ্যে এ উত্তম স্বভাব থাকবে না।

نظم

خدا کی حمد

خدا ایک ہے کوئی اس سا نہیں — کسی کام میں ساجھی اس کا نہیں
نہیں اس کی کچھ ابتدا انتہا — سدا سے ہے وہ اور رہے گا سدا
اسی نے بنایا ہے سارا جہاں — یہ چاند اور سورج زمیں آسماں
ہمیں اس نے مٹی سے پیدا کیا — جو کچھ ہم کو درکار تھا سب دیا
ہمیں بخشی ہیں اس قدر نعمتیں — کہ جن کو نہ ہرگز کبھی گن سکیں
ہے واجب کہ اس کی عبادت کریں — شب و روز اس کے غضب سے ڈریں

পদ্যাংশ

শব্দার্থ : نظم শৃংখলা, পদ্য, حمد প্রশংসা, ساجھی অংশীদার, ابتدا শুরু, انتہا শেষ, سدا সদা সর্বদা, اس قدر এ পরিমান, شب و روز দিবা-নিশি।

অনুবাদ॥ আল্লাহর প্রশংসাঃ ১. আল্লাহ এক, কেউ তার সমকক্ষ নয় + কোন কাজে কেউ তার অংশীদার নয়। ২. তার কোন শুরু ও শেষ নেই + সদা আছেন এবং থাকবেনও সদা। ৩. তিনিই বানিয়েছেন সমগ্র বিশ্ব + এ চন্দ্র সূর্য এবং যমীন আসমান সবই। ৪. আমাদেরকে তিনি মাটি থেকে সৃষ্টি করেছেন + যা কিছু আমাদের প্রয়োজন ছিল সবই দান করেছেন। ৫. আমাদের এ পরিমাণ নে'আমত দান করেছেন + যা আমরা কখনো ভুলতে পারব না। ৬. আমাদের ওপর জরূরী যে, আমরা তার ইবাদত করব + দিবা নিশি তার গযব থেকে ভয় করব।

رسولِ خدا پر درود

پڑھو مؤمنو، مصطفےٰ پر درود	محمدؐ حبیب خدا پر درود
خدا کا یہ ہے حکم قرآن میں	پڑھو خاتم الانبیاءؐ پر درود
خدا بھیجتا ہے بصد ذوق وشوق	شب و روز خیر الوریٰ پر درود
فرشتوں کو ہے حکمِ پروردگار	پڑھو میرے شمس الضحیٰ پر درود
کرو مرآۃِ دل کو ماہِ منیر	پڑھو نورِ رب العلےٰ پر درود

وقت پر نماز پڑھو

اے مسلمانو! سنو دل سے ذرا	وقت پر کرلو نماز اپنی ادا
وقت آئے جس گھڑی پڑھ لو نماز	یادِ حق سے ہو نہ ہرگز بے نیاز

শব্দার্থ : حبیب বন্ধু, بھیجتا ہے পাঠায়, صد শত, ذوق وشوق আগ্রহ-উদ্দীপনা, خیر الوری সৃষ্টিকূলের শ্রেষ্ঠ, شمس الضحی নব রবি, ভোরের সূর্য, مرآت আয়না, ماہ منیر আলোকময় চন্দ্র, رب العلی মহান প্রতিপালক, گھڑی সময়, بے نیاز মুখাক্ষীহীন , বিমুখ।

অনুবাদ॥ আল্লাহর রাসূলের ওপর দরূদঃ ১. হে মুমিনগণ! হযরত মুহাম্মদ মুস্তফা (সা) এর ওপর দরূদ পাঠ কর + আল্লাহর হাবীব মুহাম্মদ (সা) এর ওপর দরূদ। ২. পবিত্র কুরআনে এটা আল্লাহর নির্দেশ + যে, সর্বশেষ নবীর ওপর দরূদ পড়। ৩. আল্লাহ শত আগ্রহ উদ্দীপনার সাথে প্রেরণ করেন + দিবানিশি মানবকূল সেরার ওপর দরূদ। ৪. ফেরেশ্তাদের প্রতি আল্লাহর নির্দেশ রয়েছে যে, + তোমরা আমার প্রিয় নবীর ওপর দরূদ পাঠ কর। ৫. হৃদয় দর্পণকে জ্যোতির্ময় চন্দ্রে পরিণত কর + মহান প্রতিপালকের নূরের ওপর দরূদ পাঠ কর।

সময়মত নামায পড়ঃ ১. হে মুসলিমগণ! একটু অন্তর দ্বারা শুন + সময়মত নিজ নামাজ আদায় করে নাও। ২. যে মুহূর্তে নামাযের সময় এস যায় + আল্লাহর স্মরণ থেকে কখনো উদাসীন হয়ো না।

وقت کو ٹلنے نہ دو تم زینہار
چھوڑ دو دنیا کے اس دم کاروبار

فجر و ظہر و عصر و مغرب اور عشا
ہوں حضورِ قلب سے پانچوں ادا

سر جھکانا ہے نشان اسلام کا
رتبہ سب سے ہے بڑا اس کام کا

ظلمت دل دور کرتی ہے نماز
نور ایمان دل میں بھرتی ہے نماز

گر کروگے تم نمازیں سب ادا
بخش دے گا رب تمہاری سب خطا

نیک بخت اس کے برابر کون ہے
پنجگانہ با جماعت جو پڑھے

پنج وقتی میں نہیں جس کا قصور
رحمتِ حق اس کے اوپر ہے ضرور

یہ نماز اے جان ستون ہے دین کا
دین کی چھت کا ہے بوجھ اس پہ رکھا

جس کسی نے اس ستونِ دین کو
ثابت و قائم رکھا اے مومنو!

ثابت اس نے رکھ لیا دینِ متین
رحمتِ حق سے ہوا بیشک قریں

শব্দার্থ : ٹلنے সরতে, কাযা হতে, زینہار কখনো, حضور قلب অন্তর হাজির রেখে, نشان নিদর্শন, رتبہ মর্যাদা, সম্মান, ظلمت অন্ধকার, نیک بخت সৌভাগ্যবান, قصور ত্রুটি, ضرور অবশ্যই, ستون খুটি, স্তম্ভ,

অনুবাদ॥ ৩.ওয়াক্তকে কখনো বিলম্ব হতে দিয়ো না + সে সময় পার্থিব কাজ কর্ম ছেড়ে দাও। ৪. ফজর, যোহর, আছর এবং মাগরিব ও ঈশা + একাগ্রচিত্তে যেন পাঁচো নামায আদায় হয়। ৫. মস্তক অবনত করা হল ইসলামের নিদর্শন + মর্যাদা সবচেয়ে বেশী এ কাজের। ৬. আত্মার অন্ধকারকে নামাযে দূরীভূত করে + ঈমানের নূর অন্তরে পূর্ণ করে নামাযে। ৭. যদি তোমরা সকল নামায আদায় কর + ক্ষমা করে দিবেন আলাহ তোমাদের সকল গোনাহ। ৮. ভাগ্যবান তার চেয়ে বেশী আর কে আছে + পাঁচ ওয়াক্ত নামায যে সময় মত পড়ে। ৯. পাঁচ ওয়াক্ত নামাযে যার ত্রুটি নেই + আল্লাহর রহমত অবশ্যই তার ওপর অবতীর্ণ হবে। ১০. জেনে রেখ ! এই নামায হল ধর্মের স্তম্ভ + ধর্মের ছাদের ভারত্ব এর ওপর রাখা রয়েছে। ১১. যে কেউ ধর্মের এ স্তম্ভকে + অটল অবিচল রাখল -হে মুমিনগণ! ১২. সে অটল রাখল মজবুত দ্বীনকে + আল্লাহর রহমত অবশ্যই তার সঙ্গি হল।

اور جس نے چھوڑ دی از خود صلوٰۃ	پائے گا وہ کس طرح راہِ نجات؟
جس نے توڑا اس ستون کو بر ملا	خانۂ دیں اُس نے گویا ڈھا دیا
ترک کردی جان کر جس نے نماز	اس کو ڈالے آگ میں وہ بے نیاز
بس یہ اَب لازم ہے تم کو مؤمنو!	فرض حق کو ترک ہرگز مت کرو

چار شخصوں کے لئے جنّت بہت مشتاق ہے

دیکھ! ہے اس طرح سے فرما دیا	حضرت خیر البشرؐ نے بر ملا
دل میں ہے ہر تابعِ اسلام کے	مجھ کو جنّت اَب کسی ڈھب سے ملے
اور جنّت چار شخصوں کے لئے	رات اور دن منتظر ہے شوق سے
پہلے وہ ہے جس نے کھانا دیدیا	پیٹ کے بھوکے کو از بہرِ خدا

শব্দার্থ : نجات পরিত্রান, মুক্তি, برملا প্রকাশ্যে, স্পষ্টরূপে, گویا কেমন যেন, ڈھادیا বিধ্বস্ত বা ধ্বংস করে দিল, لازم আবশ্যক, জরূরী, مشتاق উৎসাহী,উদগ্রীব, خیرالبشر শ্রেষ্ঠ মানব, تابع অনুসরনকারী, ڈھب আকৃতি, প্রকার অর্থে, منتظر অপেক্ষমান, شوق আগ্রহ, ازبہر ওয়াস্তে, জন্যে।

অনুবাদ॥ ১৩. আর যে নিজের থেকে নামায ত্যাগ করল + সে কিভাবে মুক্তির পথ পাবে? ১৪. যে প্রকাশ্যে এ স্তম্ভকে ভেঙে ফেলল + সে কেমন যেন দ্বীনের স্তম্ভকে বিধ্বস্ত করল। ১৫. জেনে বুঝে যে নামায ছেড়ে দিল + তাকে মুখাপেক্ষীহীন আল্লাহ দোযখে নিক্ষেপ করবেন। ১৬. অতএব হে মুমিনগণ! এখন তোমাদের আবশ্যক যে,+ আল্লাহর ফরযকে কখনো তরক করবে না।

চার ব্যক্তির জন্যে বেহেশ্‌ত খুবই উদগ্রীব থাকে ঃ ১. লক্ষ কর! এভাবে বর্ণনা করেছেন + মানবকুল শ্রেষ্ঠ হযরত রাসূল (সা) স্পষ্টরূপে। ২. ইসলামের অনুসারী প্রত্যেকের অন্তরে এ কথা থাকে যে, + কিভাবে আমার বেহেশ্‌ত মিলবে। ৩. আর স্বয়ং বেহেশ্‌ত চার ব্যক্তির জন্যে + রাত দিন উৎসাহের সাথে অপেক্ষমান থাকে। ৪. প্রথম ঐ ব্যক্তি যে, অন্ন দান করে + পেট ভরে কোন ক্ষুধার্তকে আল্লাহর ওয়াস্তে।

دوسرا کپڑا پہنایا شوق سے	جس نے ننگے کو خدا کے واسطے
تیسرے جس شخص نے روزہ رکھا	ماہ رمضان کا بصد صدق و صفا
اور چوتھے جو پڑھے قرآن کو	صدق دل سے اے محبانِ نکو

ماں باپ کی خدمت کرو

ادب کرنا ماں باپ کا ہے ضرور	نہ کرنا کبھی اس میں بچو! قصور
کوئی ان کا رتبے میں ہمسر نہیں	بزرگ اُن سے کوئی بھی بڑھ کر نہیں
نہ تھی تم میں جب عقل و طاقت ذرا	انہوں نے تمہیں پرورش ہے کیا
رہا رات دن ان کو یہ ہی خیال	سدا خوش ہمارا رہے نونہال
وہ تکلیف خود اٹھاتے رہے	مگر تم کو دکھ سے بچاتے رہے

শব্দার্থ : صد শত, صدق সততা, صفا পরিষ্কার, নিষ্কলুষ (মনে) محبان প্রেমিকগণ, همسر সমকক্ষ, بزرگ বড়, پرورش লালন পালন, زہریلی বিষাক্ত, جھٹ দ্রুত, ہرگز কখনো, بے اختیار অনিচ্ছায়, نو نہال নবজাত সন্তান।

অনুবাদ॥ ৫. দ্বিতীয় ঐ ব্যক্তি যে, আগ্রহভরে বস্ত্র পরিধান করায় + বস্ত্রহীনকে আল্লাহর সন্তুষ্টির লক্ষে। ৬. তৃতীয় যে ব্যক্তি রোযা রাখল + রমযান মাসে শত সততা ও নিষ্ঠার সাথে। ৭. আর চতুর্থ হল যে ব্যক্তি কুরআন পড়ে + একনিষ্ঠ মনে, হে আল্লাহপ্রেমিক নেককার বান্দাগণ!

মাতাপিতার খেদমত কর ঃ ১. মাতা পিতার খেদমত করা আবশ্যক, + বৎসগণ! এর মধ্যে কোন ত্রুটি করবে না। ২. মর্যাদার দিক দিয়ে কেউ তাদের সমকক্ষ নয় + তাদের থেকে বড়ও কেউ নেই। ৩. তোমাদের মধ্যে যখন বোধ-শক্তি কিছুই ছিল না + তারা তোমাদেরকে প্রতিপালন করেছেন। ৪. রাত দিন তাদের এ খেয়াল রয়েছে যে, + সদা আমাদের আদরের সন্তান যেন সুখে থাকে। ৫. তারা নিজেরা কষ্ট ভোগ করে + কিন্তু তোমাদেরকে দুঃখ-কষ্ট থেকে রক্ষা করতে থাকেন।

غرض وہ رہے تم پہ ہر دم فدا	ہے مشہور ماں باپ کی مامتا
ہو تکلیف تم کو تو وہ ہوں ملول	خوشی سے تمہاری خوشی ہو حصول
محبت ہو اس درجہ تم سے جنہیں	ہے واجب کہ تم بھی رکھو خوش انہیں
کہیں تم سے جو کچھ کرو تم وہی	نہ ناراض ان کو کرو تم کبھی
خدا نے یہ فرمایا ہے بار بار	چلیں حکم پر اس کے سب دیندار
جو ماں باپ کو خوش رکھے گا سدا	ہے اس کے لئے باب جنت کھلا

استاد کا حق

ہے ماں باپ کے بعد اے باوفا	زیادہ سبھوں سے حق استاد کا
وہ کرتا ہے دل کو تمہارے درست	بناتا ہے تم کو چالاک و چست
جہاں تک بنے اس کی عزت کرو	دل وجان سے تم اس کی خدمت کرو

শব্দার্থ : فدا উৎসর্গ, مامتا আদর, যত্ন, ملول বিষন্ন, চিন্তিত, حصول হাসিল, با وفا বিশ্বস্ত,দায়িত্ব পালনকারী, چست চতুর।

অনুবাদ॥ ৬. মোটকথা তারা সব সময় তোমাদের ওপর জীবন উৎসর্গী থাকেন + পিতামাতার মায়া-মমতা সুপ্রসিদ্ধ।৭. তোমাদের কোন কষ্ট হলে তারা পেরেশান হয়ে যান + তোমাদের আনন্দে তারা আনন্দিত হন। ৮. এত ভালবাসা তোমাদের প্রতি যাদের + তোমাদের ওপর ওয়াজিব যে, তোমরাও তাদেরকে খুশী রাখবে। ৮. তোমরা যা কিছু কর তাদের কাছে বলবে + তাদেরকে কখনো অসন্তুষ্ট করবে না, ৯. আল্লাহ তা'আলা বার বার এ কথা বলেছেন + তার হুকুমের ওপর চলবে সকল দ্বীনদার। ১০. যে মাতাপিতাকে সদা সন্তুষ্ট রাখবে + তার জন্যে বেহেশ্তের দরজা খোলা রয়েছে।

উস্তাদের হক ঃ ১. হে বিশ্বস্ত! মাতাপিতার পরে রয়েছে + সবচেয়ে বেশী উস্তাদের হক। ২. তিনি তোমার অন্তরকে ঠিক করেন + তোমাদেরকে চালাক ও চতুর বানান। ৩. যতটুকু সম্ভব তাঁর সম্মান কর + মনে প্রাণে তাঁর সেবা কর।

نہ ٹالو کوئی حکم اُس کا کبھی	ہمیشہ رکھو اس کو راضی خوشی
نہ ہواس کی خدمت سے ہرگز ملول	تمہیں دولتِ علم تا ہو حُصول
جو تم اس کی خدمت بجا لاؤ گے	تو خادم سے مخدوم ہو جاؤ گے

بُروں سے نہ ملو

جو مکّار و مغرور ہیں آدمی	نہ رکھو کبھی اُن سے تم دوستی
ملو تم نہ اس سے جو ہے بد طریق	اگرچہ وہ کیسا ہی ہووے لئیق
جو سرکش شریر اور بدکار ہیں	محبّت کے کب وہ سزاوار ہیں
وہ دُنیا میں صحبت کے لائق نہیں	بہت اُن سے بچتے ہیں مردانِ دیں
اگر ان کی صحبت میں جاؤ گے تم	سراسر ندامت اٹھاؤ گے تم

শব্দার্থ : نہ ٹالو লঙ্ঘন করনা, بجا لاوگے পালন করবে, مخدوم খেদমত প্রাপ্ত, যার খেদমত করা হয়, مکار প্রতারক, ধোকাবাজ, بد طریق দুশ্চরিত্রবান, لئیق যোগ্য, سرکش অবাধ্য, شریر দুষ্ট, سزاور যোগ্য, مردان دین ধার্মিক বান্দাগণ, صحبت সংস্পর্শ, سراسر সম্পূর্ণ, ندامت অনুতাপ, লজ্জা।

অনুবাদ॥ ৪. তাঁর নির্দেশ কখনো অমান্য কর না + সর্বদা তাঁকে রাজী খুশী রাখ। ৫. উস্তাদের খেদমতে কখনো বিরক্ত হবে না + তাহলেই তোমার ইলমের দৌলত হাসিল হবে। ৬. যদি তুমি তাঁর খেদমতের হক আদায় কর + তাহলে খাদেম থেকে মাখদূমে (সেবার পাত্রে) পরিণত হবে।

দুষ্টদের সাথে মিশবে নাঃ ১. যে মানুষ ধোঁকাবাজ ও অহংকারী হয় + তার সাথে কখনো বন্ধুত্ব রেখ না, ২. তার সাথে তুমি মিশো না যে কু পথের পথিক + চাই সে যতই যোগ্য হোক না কেন। ৩. যে অবাধ্য, দুষ্ট ও কু চরিত্রের হয় + বন্ধুত্বের যোগ্য হতে পারে সে কি করে? ৪. জগতে সে ভালবাসার যোগ্য নয় + অনেক দূরে থাকে তার থেকে দ্বীনদার ব্যক্তিগণ। ৫.যদি তাদের সংস্পর্শে কখনো যাও তোমরা + তাহলে অবশ্যই অনুতপ্ত হবে তোমরা।

جھوٹ نہ بولو

خدا اس سے راضی نہ ہوگا کبھی	کہ جس کو ہو عادت بُری جھوٹ کی
کرے جو کوئی جھوٹ کو اختیار	رہے گا نہ اس کا ذرا اعتبار
نہیں اس کی عزت وہ ہوگا حقیر	رہیں دور اس سے صغیر و کبیر
جہاں میں تو جھوٹا وہ کہلائے گا	قیامت کو دوزخ میں وہ جائیگا
نہ بولو کبھی جھوٹ ہرگز میاں	نہیں اس سے کچھ فائدہ ہے زیاں

بات کرنے کے آداب

کر سمجھ کر سوچ کر باتیں مُدام	ہو سخن تیرا مفید خاص و عام
یا ہو اس سے خاص اپنا فائدہ	یا کہ حاصل ہو سبھوں کا فائدہ
اور دانا بھی کریں اس کو قبول	ہو نہ بیہودہ نہ دُشوار و فضول
کر نہ بیہودہ زبان سے تو کلام	بدکلامی سے تو رکھ نفرت مُدام

শব্দার্থ : عادت অভ্যাস, اختیار/ অবলম্বন, اعتبار/গ্রহণযোগ্যতা, ধর্তব্য, حقیر তুচ্ছ, صغیر ছোট, کبیر বড়, جھوٹا মিথ্যুক, زیاں ক্ষতি, مدام সব সময়, سخن কথা, مفید উপকারী, دانا জ্ঞানী, دشوار কঠিন, فضول অনর্থ।

অনুবাদ॥ মিথ্যা বল নাঃ ১. আল্লাহ্ তার প্রতি কখনো সন্তুষ্ট হবেন না + যার মিথ্যা বলার কু অভ্যাস হবে। ২. যে মিথ্যা অবলম্বন করে + তার সামান্য ও গ্রহণযোগ্যতা থাকে না। ৩. তার কোন সম্মান থাকবে না, সে তুচ্ছ গণ্য হবে+ ছোট বড় সবাই তার থেকে দূরে থাকবে। ৪. কখনো মিথ্যা বল না, মিয়া! + তাতে কোন উপকার নেই, বরং শুধুই ক্ষতি।

কথা বলার আদবঃ ১. সব সময় ভেবে চিন্তে কথা বলবে + তোমার কথা যেন খাছ আ'ম সবার জন্যে উপকারী হয়। ২. হয়ত তার দ্বারা তোমার নিজের উপকার হবে + অথবা জনসাধারণের উপকার লাভ হবে। ৩. আর জ্ঞানীরাও ঐ কথাকে গ্রহণ করেন + যা অহেতুক, কঠিন ও বেহুদা না হয়। ৪. যবান থেকে বেহুদা কথা বের করবে না, কু কথার প্রতি সব সময় ঘৃণা রাখবে।

اور نہ بک بک کے کھا سب کا دماغ — ایسی باتیں کر، رہیں سب باغ باغ
بات کا جب تجھ سے استفسار ہو — تب جواب خوب کا اظہار ہو
کان دو ہیں ایک ہے تیری زبان — صاف یہ راز اس سے ہوتا ہے عیاں
یعنی دو باتیں پڑیں جب تیرے کان — تب ہلا اک بار تو اپنی زُبان
بات آہستہ کہا کر تو مُدام — تا رہیں خوشنود تجھ سے خاص و عام
ایسا آہستہ نہ بول اے باتمیز — سُن سکے جس کو نہ کوئی اے عزیز
کر مؤدّب تو بزرگوں کو سلام — تا سعادت مند ہو اور نیک نام

عاجزوں پر ظلم نہ کرو

زیر دستوں پر نہ کر ظلم و ستم — بلکہ خدمت کر بصد لطف و کرم
اُن سے سختی سے جو تو پیش آئیگا — زور تیرا ایک دن مٹ جائیگا

শব্দার্থ : دماغ মগজ, استفسار জিজ্ঞাসা, اظہار স্পষ্ট, راز রহস্য, عیاں স্পষ্ট, خوشنود সন্তুষ্ট, با تمیز বিবেকবান, مودب ভদ্র, سعادت مند সৌভাগ্যবান, عاجز অক্ষম, দুর্বল, زیر دستوں অধীনস্ত, ستم অত্যাচার।

অনুবাদ॥ ৫. বকবক করে সব সময় সবার দেমাগ নষ্ট কর না + এমন কথা বল যেন সবাই আনন্দিত থাকে। ৬. যখন তোমার কাছে কোন কথা জিজ্ঞেস করা হয় + তখন খুব স্পষ্ট করে উত্তর দিবে। ৭. কান তোমার দুইটা, আর যবান হল একটা + এর দ্বারা এই রহস্যই পরিষ্কার বুঝা যায়। ৮. অর্থাৎ যখন দুইটা কথা তোমার কানে আসবে + তখন একবার তোমার যবান নাড়বে। ৯. কথা আস্তে বল সব সময় + যাতে আ'ম খাস সবাই তোমার প্রতি সন্তুষ্ট থাকে। ১০. হে সুবোধ ছেলে! এমন আস্তে কথা বল না + যা কেউ শুনতে না পায়। হে প্রিয়! ১১. হে ভদ্র ছেলে! বড়দেরকে সালাম কর + তাহলে তুমি সৌভাগ্যবান ও সুনামের অধিকারী হবে।

দূর্বলদের প্রতি অত্যাচার কর নাঃ ১. অধিনস্তদের প্রতি জুলুম অত্যাাচার কর না + বরং খেদমত কর শত দয়া- অনুগ্রহের সাথে। ২. তাদের সাথে যখন কঠোরতা অবলম্বন করবে + একদিন অবশ্যই তোমার শক্তি শেষ হয়ে যাবে।

دولت دنیا پہ تو مت پھولنا	دیکھ کر اس کو نہ دل میں پھولنا
پنج روزہ ہے یہ سب دولت تیری	فکر میں اس کے نہ کھو تو اپنا جی
دیکھ اگلوں کی نہ وہ ثروت رہی	پاس تیرے بھی نہ ٹھہرے گی کبھی
گر ہمیشہ رہتی ان کے پاس سب	کس طرح آتی وہ تیرے ہاتھ اب
کب ہے مال وزندگانی کو بقا	سب فنا ہے سب فنا ہے سب فنا
ہے قضا موجود سب کے واسطے	ہے بقا اِک ذات رب کے واسطے
ہے مناسب اس سے ہر انسان کو	جان دیدے پر نہ دے ایمان کو

صفائی کی تعریف

صفائی عجب چیز دنیا میں ہے	صفائی سے بہتر نہیں کوئی شئے
صفائی سے تم ہوگے ہر دلعزیز	صفائی سے آئے گی تم کو تمیز

শব্দার্থ : نہ کھو নষ্ট কর না, ثروت সম্পদ, بقا স্থায়ী, فنا ধ্বংস, قضا ভাগ্য, ذات সত্বা, مناسب উচিৎ, تعریف প্রসংসা, গূণ-গান, ہردلعزیز সবার কাছে প্রিয়।

অনুবাদ॥ ৩. পার্থিব সম্পদ দ্বারা কখনো ফুলে যেয়ো না + তা দেখে মনে গর্বিত হয়ো না। ৪. পাঁচ দিনের জন্যে তোমার এ সব দৌলত + তার ধান্দায় তুমি তোমার জীবন নষ্ট কর না। ৫. পূর্ববর্তীদের দিকে তাকাও, তাদের সম্পদ থাকে নি + তোমার নিকটও কখনো স্থায়ী থাকবে না। ৬.যদি চিরদিনের জন্যে তাদের কাছে সব থাকত + কিভাবে তোমার হাতে সে সব আসত? ৭. এ সম্পদ ও জীবন কবে স্থায়ী হবে + সব ধ্বংসশীল, সব অস্থায়ী, সবই ফানা। ৮. সবার জন্যে খোদায়ী সিদ্ধান্ত বিদ্যমান রয়েছে + স্থায়িত্ব কেবল রব্বুল আলামীন সত্বার জন্যেই। ৯. এ কারণে সকল মানুষের উচিৎ + যে, জীবন দিবে তবুও ঈমান দিবে না।

পরিচ্ছন্নতার গুণ-গানঃ ১. পরিচ্ছন্নতা জগতে এক আজব জিনিষ + পরিচ্ছন্নতার চাইতে জগতে উত্তম কোন জিনিষ নেই। ২. পরিচ্ছন্নতার দ্বারা তুমি সবার হৃদয়ে প্রিয় হবে + পরিচ্ছন্নতার দ্বারা তোমার জ্ঞান আসবে।

صفائی رکھے گی تمہیں تندرست	رہو گے شب و روز چالاک و چست
لباس و مکان بستر و جسم کو	بہت صاف و ستھرا ہمیشہ رکھو

ہمدردی کی باتیں

بیٹھے بے فکر کیوں ہو ہم وطنو!	اٹھو اہل وطن کے دوست بنو
مرد ہو تو کسی کے کام آؤ	ورنہ کھاؤ پیو چلے جاؤ
جب کوئی زندگی کا لطف اٹھاؤ	دل کو دکھ بھائیوں کا یاد دلاؤ
کھاؤ تو پہلے لو خبر ان کی	جن پہ بیتا ہے مفلسی کی پڑی
پہنو تو پہلے بھائیوں کو پہناؤ	کہ ہے اترن تمہاری ان کا بناؤ
مقبلو! مدبروں کو یاد کرو	خوش دلو! غمزدوں کو شاد کرو
جاگنے والو! غافلوں کو جگاؤ	تیرنے والو! ڈوبتوں کو تراؤ

শব্দার্থ : بستر বিছানা, ہمدردی সমবেদনা, সহমর্মিতা, ہم وطنوں স্বদেশী, اہل وطن দেশবাসী, لطف মজা, مفلسی দারিদ্রতা, مقبل অগ্রগামী, مدبر পশ্চাদগামী, হতভাগা, غمزدوں বিপদগ্রস্ত, تیرنے والوں সাতারু, تراؤ পার কর, বাঁচাও।

অনুবাদ॥ ৩. পরিচ্ছন্নতা তোমাকে সুস্থ রাখবে + রাতদিন সর্বদা উদ্দমী ও কর্মোক্ষম থাকবে। ৪. পোশাক, ঘর, বিছানা ও শরীরকে + সব সময় খুব পরিষ্কার পরিচ্ছন্ন রাখ।

সমবেদনার কথা ঃ ১. নিঃশ্চিন্তে বসে আছ কেন হে দেশবাসী! দেশবাসীর বন্ধু হও। ২. যদি পুরুষ হয়ে থাক তাহলে কারো কাজে এসো + অন্যথায় খানাপিনা করে চলে যাও। ৩. যখন জীবনের কোন মজা ভোগ কর + তখন দুঃখিত ভাইদের কথা স্মরণ কর। ৪. খাইলে আগে তাঁদের খবর নাও + যাদের ওপর দারিদ্রের বালা-মসিবত পড়ে রয়েছে। ৫. নিজে পরিধান করলে আগে ভাইদেরকে পরিধান করাও + কেননা তোমাদের পরিত্যাক্ত পোশাকই তাদের শোভা বর্ধনকারী। ৬. হে অগ্রপথিকেরা ! পশ্চাদগামীদেরকে স্মরণ কর + হে আনন্দিতরা! দুঃখিতদেরকে খুশী কর। ৭. হে সচেতনরা! উদাসীনদেরকে জাগ্রত কর + হে সাতারুরা! ডুবন্তদেরকে উদ্ধার কর। ৮. যদি তোমাদের চোখ- কান থেকে থাকে + তাহলে অন্ধ-বধিরদের খবর নাও।

ہیں ملے تم کو چشم و گوش اگر | بھیجو جا کے کوروں کی خبر
تم اگر ہاتھ پاؤں رکھتے ہو | لنگڑے، لولوں کو کچھ سہارا دو
تندرستی کا شکر کیا ہے؟ بتاؤ | رنج و بیمار بھائیوں کا بٹاؤ
سب کو میٹھی نگاہ سے دیکھو | سمجھو آنکھوں کی پتلیاں سب کو
گر رہا چاہتے ہو عزت سے | بھائیوں کو نکالو ذلت سے
ان کی عزت تمہاری عزت ہے | ان کی ذلت تمہاری ذلت ہے
عزتِ قوم چاہتے ہو اگر | جا کے پھیلاؤ اُن میں علم و ہنر
قوم کی عزت اب ہُنر سے ہے | علم سے یا کہ سیم و زر سے ہے
کوئی دن میں وہ دور آئے گا | بے ہنر بھیک تک نہ پائے گا

ایک وقت میں ایک کام

ہے کام کے وقت کام اچھا | اور کھیل کے وقت کھیل اچھا
جب کام کا وقت ہو کرو کام | بھولے سے بھی کھیل کا نہ لو نام

শব্দার্থ : سہارا সহায়তা, تندرستی সুস্থতা, بٹاؤ দূরকর, نگاہ দৃষ্টি, ذلت লাঞ্ছনা, ہنر শিল্প কার্য, বিজ্ঞান, سیم রূপা, زر সোনা।

অনুবাদ॥ ৯. তোমাদের যদি হাত- পা থেকে থাকে + তাহলে লেংড়া ও খোড়াদেরকে কিছু ঠেস দাও। ১০. সুস্থতার কৃতজ্ঞতা কি বল দেখি? + অসুস্থ ভাইদের কষ্ট লাঘব করা। ১১. সবাইকে সু নজরে দেখ! + সবাইকে চোখের মণি বুঝ। ১২. যদি ইয্যতের সাথে থাকতে চাও + তাহলে অপর ভাইদেরকে লাঞ্ছনা থেকে বের করে আন। ১৩. তাদের ইয্যতই তোমার ইয্যত + আর তাদের অপমান তোমারই অপমান। ১৪. যদি জাতির সম্মান কাম্য হয় + গিয়ে তাদের মধ্যে জ্ঞান- গরিমার প্রসার ঘটাও। ১৫. জাতির সম্মান এখন জ্ঞান-গরিমার মধ্যে + বিদ্যার মাধ্যমে অথবা ধন সম্পদের মধ্যে। ১৬. সে দিন বেশী দূরে নয় যে, জ্ঞানহীনরা ভিক্ষা পর্যন্ত পাবে না।

এক সময়ে এক কাজঃ ১. কাজের সময় কাজ ভাল + আর খেলার সময় খেলা ভাল। ২. যখন কাজের সময় হয় তখন কাজ কর+ভুলে ও খেলার নাম নিয়ো না

ہاں کھیل کے وقت خوب کھیلو | کودو پھاندو کہ ڈنڈ پیلو
خوش رہنے کا ہے یہی طریقہ | ہر بات میں چاہئے سلیقہ
ہمت کو نہ ہاریو خدا را | مت ڈھونڈیو اور کا سہارا
اپنے بوتے پہ کام کرنا | مشکل ہو تو چاہئے نہ ڈرنا
جو کچھ ہو سو اپنے دم قدم سے | کیا کام ہے اور کے کرم سے
چھوڑو نہیں کام کو ادھورا | بے کار ہے جو ہوا نہ پورا
ہر وقت میں صرف ایک ہی کام | پا سکتا ہے عمدگی سے انجام
جب کام میں کام اور چھیڑا | دونوں ہی میں پڑ گیا بکھیڑا
جو وقت گذر گیا۔ اکارت | افسوس ہوا خزانہ غارت

دُعا

ہماری دعا ہے یہی اے خدا | ہو اسلام کا بول بالا سدا
عطا کر سبھی کو ہدایت کا نور | ضلالت کا اندھیرا ہو جائے دور
ترے بندے ترے ہی احکام پر
چلیں اور دل میں رکھیں تیرا ڈر

অনুবাদ ॥ ৩. হ্যা! খেলার সময় খুব খেল + লাফাও ঝাপাও যাতে বিজয় ছিনিয়ে আনতে পার। ৪. সুখী থাকার এটাই উপায় + প্রতি বিষয়ে যোগ্যতা চাই। ৫. সাহস হারিয়ো না আল্লাহর ওপর ভরসা কর + অন্যের সাহায্য খোঁজ কর না। ৬. নিজ সামর্থ অনুযায়ী কাজ কর + কাজ কঠিন হলে তাতে ভয় পাবে না। ৭. যা কিছু হবে তা নিজ বাহু বলে হবে + অন্যের অনুগ্রহের কি প্রয়োজন আছে? ৮. কাজ অসমাপ্ত ছেড় না + বেকার তা যা পূর্ণ হয় না। ৯. সব সময়ে একই কাজ + উত্তমরূপে তা সম্পন্ন হতে পারে। ১০. যখন এক কাজের মধ্যে আর কজ শুরু হয়ে যায়+তঁখন উভয়টির মধ্যে জটিলতা সৃষ্টি হয়ে যায়। ১১. যে সময় বেকার চলে যায়+আফসোস! তার ভবিষ্যত ঠিকানা ধ্বংস হয়ে গেল।

প্রার্থণাঃ

১. মোদের মিনতি এই ওহে মোর খোদা+ইসলামের বাণী যেন থাকে উঁচু সদা।
২. দান কর সকলেরে হেদায়েতের নূর + গোমরাহীর অমানিশা হয়ে যাক দূর
৩. তোমার বান্দা তোমার বিধানের ওপর+চলে যেন সদা আর রাখে মনে ডর।